DAILY POWER OF PAKISTAN

گجرات، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، لاہور، اسلام آباد کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار

روزنامہ پاور آف پاکستان

اسلام آباد

چیف ایڈیٹر: مرزا حماد علی

ایگزیکٹو ایڈیٹر: عمیر سندھو

جلد: 02 | بدھ 22 اکتوبر 2025ء 26 ربیع الثانی 1447ھ صفحات 04 قیمت 20 روپے | شمارہ: 71

سیلاب متاثرین کی بحالی کیلئے دھونا کیا اور نہ کسی کے آگے ہاتھ پھیلائے

مریم نواز

حکومت نے پنجاب کے عوام کے عزت نفس کا خیال رکھا، میری موجودگی میں پنجاب کے عوام کی طرف کوئی میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا، سیلاب متاثرین کی بحالی کا آج سے باقاعدہ آغاز ہو رہا ہے، پنجاب نے تاریخ کے بدترین سیلاب کا سامنا کیا

حکومت نے پنجاب کے عوام کے عزت نفس کا خیال رکھا، میری موجودگی میں پنجاب کے عوام کی طرف کوئی میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا،، سیلاب سے کچے گھروں، جانوروں اور فصلوں کا بھاری نقصان ہوا: وزیر اعلیٰ

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ سب سے بڑے سیلاب سے نمٹنے کیلئے کسی کے سامنے ہاتھ نہیں پھیلائے، حکومت نے پنجاب کے عوام (بقیہ نمبر 39)

کراچی: وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان جمیل احمد و دیگر کا انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن کے ساتھ آئی ایس ڈی اے معاہدے پر دستخط کے موقع پر گروپ فوٹو۔

سنگجانی جلسے پر درج مقدمات؛ عمر ایوب، زرتاج گل سمیت دیگر کے وارنٹ گرفتاری جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے پی ٹی آئی کے سنگجانی جلسے پر درج مقدمات میں عمر ایوب (بقیہ نمبر 2)

علیمہ خان کے تیسری مرتبہ ناقابل ضمانت وارنٹ جاری، گرفتار کرنے کا حکم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) انسداد دہشت گردی عدالت راولپنڈی نے علیمہ خان کے تیسری مرتبہ (بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد: وزیر اعظم محمد شہباز شریف دیوالی (20 اکتوبر 2025) کے موقع پر خصوصی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

بھارت سے آلودہ ہوائیں پاکستان میں داخل، ایمرجنسی پلان فعال

لاہور، گوجرانولہ، ملتان، بہاولپور سمیت پنجاب کے دیگر شہروں کا فضائی معیار متاثر رہیگا، اب عملی جنگ ہوری' ڈی جی ماحولیات

لاہور (این این آئی) بھارت کی طرف سے آلودہ ہوائیں پاکستان میں داخل ہونا شروع ہوگئیں۔ بتایا گیا ہے کہ نئی دہلی کی طرف سے 5 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوائیں پاکستان میں داخل ہو رہی ہیں، چندی گڑھ، گورداسپور، لدھیانہ اور پٹیالہ سے ہوائیں گوجرانولہ، ملتان اور بہاولپور کی طرف آ رہی ہیں۔ صورت گڑھ، بیکانیر، جودھ پور اور جے پور سے بھی ہواؤں کا رخ پاکستانی علاقوں کی طرف ہے۔ بتایا گیا (بقیہ نمبر 6)

سعودی عرب کا پاکستان اور افغانستان میں جنگ بندی کا خیر مقدم

خطے میں امن و استحکام کو فروغ دینے کی کوششوں کی مکمل حمایت کا اعادہ

ریاض (امین این آئی) سعودی عرب نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان کئی روز کی سرحدی جھڑپوں کے بعد طے پانے والی جنگ بندی کا خیر مقدم اور خطے میں امن و استحکام کو فروغ دینے کی کوششوں کی مکمل حمایت کا اعادہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق یہ (بقیہ نمبر 4)

اسحاق ڈار سے جاپان کے سفیر کی ملاقات، مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار (بقیہ نمبر 5)

وزیر اعظم شہباز شریف آئندہ ہفتے سعودی عرب کا 3 روزہ دورہ کریں گے

وزیر اعظم دورے کے دوران سعودی عرب کی اعلیٰ قیادت سے ملاقاتیں اور فیوچر انوسٹمنٹ انیشیاٹیو سے خطاب بھی کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف آئندہ ہفتے سعودی عرب کا 3 روزہ دورہ کریں گے، وزیر اعظم دورے کے دوران سعودی عرب کی اعلیٰ قیادت سے ملاقاتیں کریں گے۔ سفارتی ذرائع کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف آئندہ ہفتے 3 روزہ (بقیہ نمبر 7)

پنجاب پبلک سروس کمیشن کے زیر اہتمام مختلف محکموں کے تحریری امتحانات مکمل

لاہور (این این آئی) پنجاب پبلک سروس کمیشن کے زیر اہتمام مختلف محکموں کے تحریری امتحانات مکمل ہو گئے۔ امتحانات (بقیہ نمبر 8)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف دیہاپلور میں سیلاب بحالی پروگرام 2025ء کی افتتاحی تقریب میں متاثرہ خاتون کو اے بی ایم کارڈ کے اجراء میں معاونت کر رہی ہیں۔

بسنت کے دوران انسانی جانوں کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں' رانا محمد اقبال

پتنگ بازی ٹورازم کے فروغ کا باعث بنتی ہے، اسکو کسی بھی قیمتی جان کو ضائع یا نقصان پہنچانے کا سبب نہیں بننے دینگے

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر قانون پنجاب رانا محمد اقبال خان نے محکمہ داخلہ کا دورہ کیا جہاں ان کی ملاقات اسپیشل سیکرٹری ہوم فضل الرحمان سے ہوئی۔ اس موقع پر اسپیشل سیکرٹری ہوم نے صوبائی وزیر قانون کو محکمانہ امور پر تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ (بقیہ نمبر 9)

پاکستان میں نفرت اور دہشتگردی کی کوئی گنجائش نہیں، وزیر اعظم

دیوالی روشنی کی تاریکی پر اور امید کی مایوسی پر فتح کے جشن کی عکاسی کرتی ہے، ہمیں چاہیے کہ اس موقع پر مل کر مستقبل کو مثبت سوچ، اتحاد اور بھائی چارے کے نظریے سے دیکھیں، پاکستان اپنے ثقافتی اور مذہبی تنوع پر فخر کرتا ہے

یہ برادری ملک کی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، قائداعظم محمد علی جناح نے ایک ایسے پاکستان کا تصور پیش کیا جہاں تمام شہریوں کو مذہب، نسل یا ذات سے بالاتر ہو کر مساوی حقوق اور آزادی حاصل ہو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ دیوالی کا یہ تہوار امید، اتحاد اور مثبت سوچ کی علامت ہے۔ دیوالی کے موقع پر پاکستان سمیت دنیا بھر کی ہندو برادری کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے وزیر اعظم شہباز شریف نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ دیوالی روشنی کی تاریکی پر اور امید کی مایوسی پر فتح کے جشن کی عکاسی کرتی ہے، ہمیں چاہیے کہ اس موقع پر مل کر مستقبل کو مثبت سوچ، اتحاد اور بھائی چارے کے نظریے سے دیکھیں۔ شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان اپنے ثقافتی اور مذہبی تنوع پر فخر کرتا ہے، یہی تنوع ہمارے قومی دھارے کو مضبوط بناتا (بقیہ نمبر 40)

دیکھنا ہوگا جنگ بندی معاہدے پر کتنا عمل ہوتا ہے، خواجہ آصف

دہشت گردی پر قابو پانے کیلئے سنجیدہ اقدامات نہ کیے گئے تو خطے کو سنگین خطرات ہو سکتے ہیں، وزیر دفاع، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پاکستان اور افغانستان دونوں دہشت گردی پر قابو پانے کے لیے سنجیدہ کوششیں کریں گے ورنہ خطے کے امن کو سنگین خطرات لاحق ہو سکتے ہیں، خدشات کیخاتمے کے حوالے سے کچھ کہنا قبل از وقت ہے، (بقیہ نمبر 14)

شہزیدی نے دارالحکومت اسلام آباد سے لاہور منتقل کرنے کی تجویز دیدی



اسلام آباد (این این آئی) سابق چیئرمین ایف بی آر شہزیدی نے تجویز دی ہے کہ دارالحکومت کو (بقیہ نمبر 13)

حکیم شہزاد عرف لوہا پاڑ کے وارنٹ گرفتاری منسوخ

لاہور (این این آئی) ڈرگ کورٹ لاہور نے غیر قانونی اشتہارات اور ممکنہ ممنوعہ ادویات کی فروخت (بقیہ نمبر 12)

فیصل کریم کنڈی کی دیوالی کے موقع پر ہندو برادری کو مبارکباد

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے دیوالی کے موقع پر ہندو برادری کو (بقیہ نمبر 11)

مقامی کرنسی میں قرضوں کا اجرا بڑھانے کیلئے اسٹیٹ بینک اور آئی ایف سی کا معاہدہ

یہ معاہدہ پاکستانی معیشت کے اہم شعبوں کو قرضوں کی فراہمی میں حائل رکاوٹیں دور کرے گا

کراچی (این این آئی) پاکستان میں مقامی کرنسی میں قرضوں کا اجرا بڑھانے کیلئے اسٹیٹ بینک اور انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن (آئی ایف سی) کے درمیان معاہدہ طے پا گیا ہے۔ بینک دولت پاکستان نے ورلڈ بینک گروپ کے نجی شعبے کے ادارے آئی ایف سی کے ساتھ شراکت داری کی ہے جس کا مقصد مقامی کرنسی میں قرضوں کا اجرا بڑھانا اور پاکستان میں نجی شعبے کی نمو میں معاونت کرنا ہے۔ آئی ایس ڈی اے معاہدے کے تحت، اس شراکت داری سے (بقیہ نمبر 16)

ڈپلومیٹک پاسپورٹ کے استعمال کا کیس' تنویر الیاس کی حاضری سے استثنیٰ کی درخواست منظور

اسلام آباد (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد میں سابق وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس کیخلاف ڈپلومیٹک پاسپورٹ کے استعمال کے کیس کی سماعت ہوئی جس کے دوران عدالت نے سردار تنویر الیاس کی حاضری سے استثنیٰ کی درخواست منظور کر لی۔ (بقیہ نمبر 15)

لاہور: وزیر قانون پنجاب رانا محمد اقبال خان کو ہوم ڈیپارٹمنٹ میں اسپیشل سیکرٹری ہوم فضل الرحمن کی جانب سے بریفنگ دی جا رہی ہے۔

بلٹ پروف گاڑیاں عالمی معیار کی ہیں جنہیں ناقص کہا جا رہا ہے، وزیر مملکت داخلہ

وفاقی حکومت آگے بھی خیبر پختونخوا پولیس کو تعاون فراہم کرے گی تاکہ دہشت گردوں کا جلد سے جلد صفایا ہو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ کے پی حکومت کو دی گئی بلٹ پروف گاڑیاں عالمی معیار کی ہیں جنہیں ناقص کہہ کر واپس کیا جا رہا ہے، کے پی حکومت کو دہشت گردی کیخلاف ملے 600 ارب روپے کہاں خرچ ہوئے؟ آج تک جواب نہیں ملا۔ وزیر اعلیٰ کے پی کے بیان پر ردعمل میں انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت اب تک خیبر پختونخوا حکومت کو دہشت گردی کے (بقیہ نمبر 21)

ملک انتہا پسندی فساد کا متحمل نہیں ہو سکتا، احسن اقبال

معیشت کو دیوالیہ ہونے سے بچا کر اسے ترقی کی پٹڑی پر ڈال دیا جو ایک مثالی کامیابی ہے، آج پوری دنیا میں پاکستان کے چرچے ہیں

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و اصلاحات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں ہم نے نہ صرف معیشت کو دیوالیہ ہونے سے بچایا بلکہ صرف دو سال میں اسے ترقی کی پٹڑی پر ڈال دیا جو ایک مثالی کامیابی ہے، آج پوری دنیا میں پاکستان کی معیشت کی بحالی کے چرچے ہیں، ملک انتہا پسندی اور فساد کا متحمل نہیں ہو سکتا، معرکہ ترقی کیلئے سب کو ملکر کردار ادا کرنا ہوگا (بقیہ نمبر 30)

لاہور: وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی ترقی و اصلاحات پروفیسر احسن اقبال ایمرجنسی سروسز اکیڈمی میں منعقدہ نیشنل ریسکو چیلنج 2025ء کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

کراچی چیمبر آف کامرس کی جگہ 6 ضلعی چیمبرز آف کامرس بنانے کی تجویز

کراچی (این این آئی) وزارت تجارت نے قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی تجارت کو آگاہ کیا ہے کہ کراچی چیمبر آف کامرس کی جگہ 6 ضلعی چیمبر ز آف کامرس بنانے کی تجویز سامنے آئی ہے۔ جاوید حنیف کی زیر صدارت قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے تجارت کا اہم اجلاس ہوا جس میں وزارت تجارت نے کراچی میں (بقیہ نمبر 31)

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ کمی کیخلاف دائر درخواست پر تفصیلی جواب جمع کرانے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ کمی کے خلاف دائر متفرق درخواست پر اوگرا سمیت دیگر فریقین سے رپورٹ طلب کرتے ہوئے معاملے پر تفصیلی جواب جمع کرانے کی ہدایت کر دی۔ جسٹس عابد عزیز شیخ کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ سماعت کے دوران جوڈیشل ایکٹوازم پینل کی جانب سے دائر (بقیہ نمبر 32)

پنجاب پولیس میں سب انسپکٹرز کی بھرتیوں میں عمر کی رعایت کے لیے دائر 80 سے زائد درخواستیں خارج

عمر میں رعایت دینا حکومت کا پالیسی معاملہ ہے اور عدالت اس میں مداخلت نہیں کر سکتی' لاہور ہائیکورٹ کا تحریری فیصلہ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب پولیس میں براہ راست بھرتیوں سے متعلق اہم فیصلہ سناتے ہوئے سب انسپکٹرز کی بھرتیوں میں عمر کی رعایت کے لیے دائر 80 سے زائد درخواستیں خارج کر دیں، عدالت نے قرار دیا کہ عمر میں رعایت دینا حکومت کا پالیسی معاملہ ہے اور عدالت اس میں مداخلت نہیں کر سکتی۔ جسٹس راحیل کامران نے محمد ارشاد سمیت دیگر 80 درخواست گزاروں کی درخواستوں پر سماعت کے بعد 6 صفحات پر مشتمل (بقیہ نمبر 33)

پارلیمان تمام مذاہب کے ماننے والوں کے درمیان ہم آہنگی کے فروغ میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہے گی، سپیکر

رواداری، باہمی احترام اور برداشت پر مبنی معاشرہ ہی حقیقی ترقی کا ضامن ہے، سردار ایاز صادق کا دیوالی کے موقع پر پیغام

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ رواداری، باہمی احترام اور برداشت پر مبنی معاشرہ ہی حقیقی ترقی کا ضامن ہے، پارلیمان تمام مذاہب کے ماننے والوں کے درمیان ہم آہنگی کے فروغ میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہے گی۔ پیر کو دیوالی کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے ہندو برادری سے تعلق رکھنے والے پارلیمنٹیرینز اور پاکستان سمیت دنیا بھر کی ہندو برادری کو دیوالی کی مبارکباد دی اور کہا کہ دیوالی امن، محبت اور روشنیوں کا (بقیہ نمبر 17)

بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین کی زیر صدارت سوہدرہ میں اہم اجلاس

سوہدرہ میں کھیل کے میدان کی تعمیر، سڑکوں کی بحالی اور سیوریج سسٹم کی بہتری کے منصوبوں پر تفصیلی گفتگو

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن وزیر اعلیٰ پنجاب انسپکشن، سروئیلنس و مانیٹرنگ ڈائریکٹوریٹ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین کی زیر صدارت سوہدرہ میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایس ڈی او پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر اسپورٹس نے شرکت کی۔ اجلاس میں سوہدرہ میں کھیل کے میدان کی تعمیر، سڑکوں کی بحالی اور سیوریج سسٹم کی بہتری کے منصوبوں پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ (بقیہ نمبر 18)

اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان قصور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے سالانہ جنرل اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

ماحولیاتی تحفظ ایجنسی (ای پی اے) کی از سر نو تنظیم کا فیصلہ

ماحولیاتی مانیٹرنگ سینٹر کو ای پی اے میں ضم کرنے کی باضابطہ منظوری

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے ماحولیاتی تحفظ ایجنسی (ای پی اے) کی از سر نو تنظیم (ری اسٹرکچرنگ) کا فیصلہ کر لیا۔ اس اقدام کا مقصد ادارے کی سروس ڈیلیوری میں بہتری اور ماحولیاتی نظام کو مزید مضبوط بنانا ہے، پنجاب کابینہ نے اجلاس میں ماحولیاتی مانیٹرنگ سینٹر کو ای پی اے میں ضم کرنے کی باضابطہ منظوری دے دی۔ حکومتی ترجمان کے مطابق دونوں اداروں کے انضمام سے ماحولیاتی نگرانی اور ڈیٹا کے بہتر استعمال کو یقینی بنایا جائے گا۔ مزید کہا گیا کہ (بقیہ نمبر 20)

مذہبی جماعت کے خلاف درج مقدمات کی تفتیش کیلئے خصوصی ٹیمیں تشکیل

مقدمات کیلئے پراسیکیوشن کی بھی خصوصی ٹیمیں عدالتی کارروائی میں مدد کریں گی' ذرائع

لاہور (این این آئی) مذہبی جماعت کے خلاف درج مقدمات کی تفتیش کیلئے انویسٹی گیشن پولیس نے خصوصی ٹیمیں تشکیل دے دیں۔ ذرائع کے مطابق مذہبی جماعت کے احتجاج اور توڑ پھوڑ کے معاملے میں اہم پیش رفت ہوئی ہے اور حملوں کے معاملے پر اہم فیصلے کئے گئے ہیں۔ تفتیشی ٹیموں کی سربراہی ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا کریں گے، درج (بقیہ نمبر 28)

ڈرائیونگ ٹیسٹ پاس کروانے کیلئے شہریوں سے پیسے بٹورنے والا جعلی وارڈن گرفتار

لاہور (این این آئی) ڈرائیونگ ٹیسٹ پاس کروانے کے لئے شہریوں سے پیسے بٹورنے والا جعلی وارڈن گرفتار کر لیا گیا۔ گلبرگ پولیس کے مطابق ملزم شیخ جاوید کو لبرٹی پولیس خدمت مرکز سے گرفتار کیا گیا۔ ملزم نے (بقیہ نمبر 29)

لاہور: وزیر خزانہ پنجاب محتبی شجاع الرحمن سالانہ محفل میلاد مصطفیٰ اور بڑی گیارہویں شریف عبدالقادر جیلانی کی بابرکت تقریب میں دعا کروا رہے ہیں۔

ملک انتہا پسندی فساد کا متحمل نہیں ہو سکتا، احسن اقبال

معیشت کو دیوالیہ ہونے سے بچا کر اسے ترقی کی پٹڑی پر ڈال دیا جو ایک مثالی کامیابی ہے، آج پوری دنیا میں پاکستان کے چرچے ہیں

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و اصلاحات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں ہم نے نہ صرف معیشت کو دیوالیہ ہونے سے بچایا بلکہ صرف دو سال میں اسے ترقی کی پٹڑی پر ڈال دیا جو ایک مثالی کامیابی ہے، آج پوری دنیا میں پاکستان کی معیشت کی بحالی کے چرچے ہیں، ملک انتہا پسندی اور فساد کا متحمل نہیں ہو سکتا، معرکہ ترقی کیلئے سب کو ملکر کردار ادا کرنا ہوگا (بقیہ نمبر 30)

قومی ترقی کیلئے تنقید برائے اصلاح کو فروغ دینا ضروری ہے، اعظم نذیر تارڑ

اسلامی نظریاتی کونسل ایک مشاورتی فورم ہے تاہم کسی معاملے کو شرعی یا غیر شرعی قرار دینے کا اختیار صرف وفاقی شرعی عدالت کو حاصل ہے، وزیر قانون

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ قانون کی حکمرانی ایک عملی زینہ ہے، قومی ترقی کے لیے تنقید برائے اصلاح کو فروغ دینا ضروری ہے نہ کہ تنقید برائے تنقید۔ پیر کو سلام آباد میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ آئینی ترامیم ہمیشہ مشاورت اور اتفاق رائے سے کی گئی ہیں تاکہ قانون سازی عوامی مفاد اور قومی یکجہتی کے مطابق ہو۔ انہوں نے بتایا کہ (بقیہ نمبر 34)

لاہور: آئی جی پنجاب ڈاکٹر عمان انور سنٹرل پولیس آفس میں پولیس ملازمین اور ان کے اہل خانہ سے ملاقات کے دوران مسائل حل کرنے کے احکامات جاری کر رہے ہیں۔

ہائی کورٹ کی ڈپٹی ڈائریکٹر این سی سی آئی اے کی بازیابی کیلئے پولیس کو 3 روز کی مہلت

پولیس تین دن میں بازیاب نہ کرا سکی تو سینٹرل ڈائریکٹر این سی سی آئی اے اور آئی جی اسلام آباد خود پیش ہوں، اسلام آباد ہائیکورٹ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے این سی سی آئی اے کے ڈپٹی ڈائریکٹر محمد عثمان کے اغوا کے خلاف دائر درخواست پر پولیس کو ان کی بازیابی کے لیے 3 روز کی مہلت دے دی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس محمد اعظم خان نے مغوی کی اہلیہ روزینہ عثمان کی درخواست پر سماعت کی۔ عدالت عالیہ نے کہا کہ اگر پولیس تین دن میں بازیاب نہ کرا سکی تو (بقیہ نمبر 37)

مختلف علاقوں میں پیش آنے والے واقعات میں پانچ افراد جاں بحق

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور کے مختلف علاقوں میں پیش آنے والے واقعات میں پانچ افراد جاں بحق ہو گئے۔ بھاٹی گیٹ میٹرو اسٹیشن کے قریب سے 62 سالہ شخص کی لاش ملی جس کی شناخت حنیف علی کے نام سے ہوئی۔ بھاٹی چوک سے 55 سالہ نامعلوم شخص (بقیہ نمبر 35)

لاہور پولیس کی ماحولیاتی آلودگی پھیلانے کے مرتکب عناصر کیخلاف کارروائیاں، 83 افراد گرفتار

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس کی جانب سے انسداد سموگ آپریشن کے تحت ماحولیاتی آلودگی پھیلانے کے مرتکب عناصر (بقیہ نمبر 36)

پاک افغان طورخم بارڈر 9 ویں روز بھی بند، تاجر اور ٹرانسپورٹرز پریشان

بارڈر بندش سے سرحد کے دونوں جانب اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں بے تحاشہ اضافہ ہو گیا

کوئٹہ (این این آئی) کشیدگی اور تناؤ کی صورتحال کے باعث پاک افغان طورخم بارڈر کی بندش کو 9 روز گزر گئے۔ پاک افغان بارڈر طورخم بندش سے دوطرفہ تجارت اور پیدل آمدورفت معطل رہی، بارڈر بندش سے سرحد کے دونوں جانب اشیائے خورونوش کی قیمتوں (بقیہ نمبر 38)

ختم قل

چوہدری محمد صدیق بانیاں کی بھتیجی | چوہدری محمد لطیف بانیاں کی بیٹی

چوہدری محمد انور بانیاں، چوہدری عامر صدیق بانیاں

(اے ایس موٹرز)، چوہدری شہباز بانیاں (شہزاد ریسٹورنٹ)

چوہدری نوید احسن بانیاں کی بھاوج

چوہدری سفیان ظفر بانیاں، چوہدری محسن ظفر بانیاں، چوہدری رضوان انور، چوہدری احسان انور کی والدہ محترمہ

چوہدری ظفر اقبال بانیاں

کی اہلیہ محترمہ جو گزشتہ روز رضائے الٰہی سے وفات پا گئی تھی

مرحومہ کی روح کے ایصالِ ثواب کیلئے ختم قل

کل 22 اکتوبر بروز بدھ صبح 9 بجے ڈیرہ بانیاں پر شروع ہوگا

11 بجے دعا ہوگی

شریک غم

دوست احباب سے شرکت کی استدعا کی جاتی ہے

چوہدری سفیان بانیاں

چوہدری انور بانیاں

چوہدری صدیق بانیاں

Sports کھیل کھلاڑی

تین افغان کرکٹرز کی ہلاکت کا آئی سی سی کا دعویٰ مسترد، بیانات ایک منظم مہم کا حصہ ہیں، وزیر اطلاعات

آئی سی سی کی موجودہ قیادت میں غیر جانب داری پر سنگین سوالات اٹھ رہے ہیں، غیر جانب داری اور شفافیت فوری بحال کرے

لاہور (سپورٹس ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات عطاءاللہ تارڑ نے انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کے 3 افغان کرکٹرز کی ہلاکت سے متعلق بیان کو متعصبانہ قرار دیتے ہوئے یکسر مسترد کر دیا اور پاکستان کا مؤقف واضح کیا کہ آئی سی سی، جے شاہ اور افغان بورڈ کے بیانات ایک منظم مہم کا حصہ ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاءاللہ تارڑ نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر بیان میں کہا کہ یہ متنازع دعویٰ ایک طے شدہ حقیقت کے طور پر پیش کیا گیا ہے کہ تین 'افغان کرکٹرز ※ ایک فضائی حملے میں ہلاک ہوئے ہیں اور آئی سی سی نے ان دعووں کی تصدیق کے لیے کوئی آزاد اور قابل اعتماد ثبوت پیش نہیں کیا۔ عطاءاللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستان اس بیان کے الفاظ اور مفہوم دونوں کی سختی سے تردید کرتا ہے اور فوری تصحیح کا مطالبہ کرتا ہے اور ہم اس پریشان کن رجحان کی بھی نشان دہی کرتے ہیں، جس میں بغیر کسی شواہد کے محض تکرار کے ذریعے بیانیہ تشکیل دیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی سی سی کے بیان کے چند ٹھنٹوں کے اندر ہی، اس کے چیئرمین جے شاہ نے اسی دعوے کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر دہرا دیا اور اس کے بعد افغانستان کرکٹ بورڈ نے بھی اسی طرز پر ایک بیان جاری کیا جو آئی سی سی کے مؤقف کو بنیاد بنا تا وفاقی وزیر نے کہا کہ بجائے اس کے کہ کوئی آزادانہ شواہد یا تفصیلات فراہم کی جائیں یہ ترتیب واضح طور پر ایک مصنوعی تاثر پیدا کرنے کی دانستہ کوشش ان کا کہنا تھا کہ یہ واقعہ آئی سی سی کی موجودہ قیادت کے ذریعے سامنے آنے والے ان متنازع واقعات کی ایک اور کڑی ہے جو بظاہر پاکستان کرکٹ کو غیر مناسب طور پر متاثر کرنے کے لیے ابھرے، جن میں حالیہ ہاتھ نہ ملانے کا تنازع بھی شامل انہوں نے کہا کہ اس وجہ سے پاکستان کے ایشیا کپ میچ کے انعقاد میں تاخیر ہوئی، ایسے واقعات نے آئی سی سی کی غیر جانب داری پر اعتماد کو ٹھیس پہنچائی ہے اور ایک عالمی ریگولیٹری ادارے کو کسی جانب دار بیانیے کو فروغ دینے یا میچ مینجمنٹ کے تنازعات کو بار بار جنم دینے کا تاثر نہیں دینا عطاءاللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ یہ مؤقف رکھتا آیا ہے کہ سیاست کو کھیل بالخصوص کرکٹ سے دور رکھا جائے اور پاکستان آئی سی سی پر زور دیتا ہے کہ وہ اپنی آزادی اور کھیل کی روح کو برقرار رکھے۔

پاکستان اور افغانستان کے درمیان فٹبال میچ 1-1 سے برابر

موصولہ اطلاعات کے مطابق دونوں ممالک کے درمیان سرحدوں پر پیدا شدہ صورتحال کے باعث کویت میں ہونے والا میچ اہمیت اختیار کر گیا تھا

لاہور (سپورٹس ڈیسک) اے ایف سی ایشین کپ فٹبال ٹورنامنٹ 2026 کے کوالیفائر میں پاکستان اور افغانستان کے درمیان میچ 1-1 سے برابر رہا۔ دونوں ٹیموں نے 1،1 پوائنٹ حاصل کر لیا۔ گروپ کے چار میچز کے بعد پاکستان کے مجموعی پوائنٹس کی تعداد دو ہو گئی۔ قبل ازیں اسلام آباد میں منعقدہ ہوم میچ میں پاکستان اور افغانستان کے درمیان مقابلہ کسی گول کے بغیر برابر رہا تھا۔ کویت میں منگل کی شب کھیلے جانے والے اپنے اوے میچ میں پاکستان نے بہترین کھیل کا مظاہرہ کیا۔ فائنل راونڈ میں رسائی کے لیے پاکستان کو اپنے اگلے دونوں میچز جیتنا ضروری ہوگے۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق دونوں ممالک کے درمیان سرحدوں پر پیدا شدہ صورتحال کے باعث کویت میں ہونے والا میچ اہمیت اختیار کر گیا تھا، کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے نمٹنے کے لیے مقامی انتظامیہ کی جانب سے سیکیورٹی کے بھرپور انتظامات کیے تھے۔ گرما گرم ماحول میں ہونے والے میچ میں کھیل کے 5 ویں منٹ ہی میں محبوب حنفی نے گول کر کے افغانستان کو برتری دلوادی۔ جارحانہ کھیل کی حکمت عملی اپنانے والی قومی فٹبال ٹیم کے اعتزاز حسین نے پہلے ہاف کے 29 ویں منٹ میں گول داغ کر مقابلہ 1-1 کر دیا۔ دوسرے ہاف میں کوئی بھی ٹیم گول نہ کر سکی۔ مقررہ وقت تک مقابلہ برابر رہنے کے بعد دونوں ٹیموں کو 1،1 پوائنٹ مل گیا۔ قبل ازیں اسلام آباد میں گزشتہ جمعرات کو منعقدہ ہوم میچ میں پاکستان اور افغانستان کے درمیان مقابلہ کسی گول کے بغیر برابر رہا اس سے پہلے شام نے پاکستان کو دو اور میانمار نے ایک گول سے شکست دی تھی۔ پاکستان اب اپنے اوے میچز میں شام اور میانمار سے مقابلہ کرے گا۔ پاکستان اور افغانستان اب تک فٹبال میں 8 مرتبہ ایک دوسرے کے خلاف مدمقابل آچکے ہیں۔

سلطان آف جوہر ہاکی ٹورنامنٹ: فائنل میں آسٹریلیا کے ہاتھوں بھارت کو شکست

آسٹریلیا نے بھارت کو 1-2 سے مات دے کر تیسری بار ٹائٹل نام کیا

لاہور (سپورٹس ڈیسک) آسٹریلیا نے بھارت کو 1-2 سے مات دے کر 10 واں سلطان آف جوہر انٹرنیشنل ہاکی ٹورنامنٹ جیت لیا۔ فاتح ٹیم نے تیسری مرتبہ یہ ٹائٹل اپنے نام کیا، دفاع میں ناکام برطانیہ نے پاکستان کو 2-3 سے شکست دے کر تیسری پوزیشن حاصل کر لی، 5 ویں پوزیشن کے لیے ہونے والے میچ میں میزبان ملائشیا نے نیوزی لینڈ کو 3-5 سے ہرا دیا، پاکستان کے سفیان خان 9 گول کر کے ایونٹ کے ٹاپ اسکورر رہے۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق ملائیشیا کے شہر جوہر بارو کے تمان دیا ہاکی اسٹیڈیم میں 6 ٹیموں کے درمیان منعقدہ 10 ویں سلطان آف جوہر انٹرنیشنل ہاکی ٹورنامنٹ کے فائنل میں آسٹریلیا نے دلچسپ مقابلے کے بعد جیت کو گلے لگایا۔ کھیل کے 13 ویں منٹ میں آسٹریلیا کے گروبیلا راین نے گول کر کے اپنی ٹیم کو 0-1 کی سبقت دلوائی۔ 17 ویں منٹ بھارت کے ایکا انمول نے گول کر کے مقابلہ 1-1 کر دیا۔ بعدازاں دونوں ٹیموں نے ایک دوسرے کے خلاف تابڑ توڑ حملے کیے، کھیل کے 59 ویں منٹ میں گروبیلا راین نے اپنا دوسرا گول داغ کر آسٹریلیا کو 1-2 کی برتری دلوادی جو حتمی ثابت ہوئی۔ تیسری پوزیشن کے مقابلے میں برطانیہ سے 2-3 سے ہارنے والی پاکستان ٹیم کے سفیان خان 9 نے گول کر کے بہترین اسکورر کا ایوارڈ حاصل کیا۔ قومی کپتان حنان شاہد 5 گول کر کے دوسرے بہترین اسکورر رہے، ٹورنامنٹ میں پاکستان نے اپنے پہلے راونڈ میچ میں ملائشیا کو 2-7 سے شکست دی تھی۔

پہلا ون ڈے: بنگلا دیش نے ویسٹ انڈیز کو 74 رنز سے شکست دیدی

ہدف کے تعاقب میں ویسٹ انڈیز کی ٹیم 133 رنز پر ڈھیر ہوگئی

لاہور (سپورٹس ڈیسک) ایک روزہ سیریز کے پہلے میچ میں بنگلا دیش نے ویسٹ انڈیز کو 74 رنز سے شکست دے دی۔ ڈھاکا میں کھیلے گئے میچ میں ویسٹ انڈیز کی دعوت پر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے بنگلا دیش کی ٹیم 50 ویں اوور میں 207 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ میزبان ٹیم کی جانب سے توحید ہردوئے 51 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ ماہیدالاسلام آنکون 46، نجم الحسین شانتو 32، رشاد حسین 26، کپتان مہدی حسن میراز 17، نورالحسن 9، سومیا سرکار 4، سیف حسن 3، مستفیض الرحمان 1 اور تسکین احمد 0 کے انفرادی اسکور پر آؤٹ تنویر اسلام 9 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ پویلین ویسٹ انڈیز کی جانب سے جیڈن سیلز 3 وکٹیں حاصل کیں۔ روسٹن چیز اور جسٹن گریوز نے 2،2 جبکہ کھیری پیئری اور روماریو شیفرڈ نے 1،1 کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ ہدف کے تعاقب میں ویسٹ انڈیز کی ٹیم 133 رنز پر ڈھیر برینڈن کنگ 44 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ ایلک اتھانازے 27، کپتان شائے ہوپ 15، جسٹن گریوز 12، کیسی کارتی 9، روسٹن چیز 6، جیڈن سیلز 3، گداکیش موتی 3، روماریو شیفرڈ 1 اور شرفین ردرفورڈ 0 کے انفرادی اسکور پر آؤٹ ہوئے۔ کھیری پیئری 7 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ بنگلا دیش کی جانب سے رشاد حسین نے 6 وکٹیں حاصل کیں۔ مستفیض الرحمان نے 2 جبکہ مہدی حسن میراز اور تنویر اسلام نے 1،1 کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

سہ ملکی ٹی ٹوئنٹی سیریز: کرکٹ زمبابوے نے پی سی بی کی دعوت قبول کر لی

لاہور (سپورٹس ڈیسک) سہ ملکی ٹی ٹوئنٹی سیریز کے لیے کرکٹ زمبابوے نے پاکستان کرکٹ بورڈ کی دعوت قبول کر لی۔ ذرائع کے مطابق افغانستان نے سہ ملکی سیریز میں حصہ لینے سے انکار کر دیا تھا جس کے بعد پی سی بی نے مختلف بورڈز سے رابطہ شروع کر دیا تھا۔ پاکستان، زمبابوے اور سری لنکا کے درمیان ٹی ٹوئنٹی تین ملکی سیریز نومبر میں ہوگی۔ تین ملکی سیریز 17 سے 29 نومبر تک راولپنڈی اور لاہور میں کھیلی جائے گی۔ پاکستان اور زمبابوے کا افتتاحی میچ 17 نومبر کو راولپنڈی میں کھیلا جائے گا۔ سری لنکا اور زمبابوے کا میچ 19 نومبر کو راولپنڈی میں شیڈول۔

افغانستان کی سہ ملکی سیریز سے دستبرداری پر پی سی بی کا ردعمل سامنے آگیا

لاہور (سپورٹس ڈیسک) افغانستان کے سہ ملکی سیریز میں شرکت سے انکار پر پی سی بی کا ردعمل بھی سامنے آگیا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کی جانب سے کہا گیا ہے کہ سہ ملکی ٹی ٹوئنٹی سیریز اپنے شیڈول کے مطابق ہو پی سی بی دستبردار افغانستان کی جگہ کسی اور ٹیم کو شامل کر کے سیریز سیریز شیڈول کے مطابق کروائے ذرائع کا کہنا ہے کہ تیسری ٹیم کے لیے مختلف ممالک کے نام زیر غور ہیں اور اس حوالے سے بہت جلد فیصلہ کر لیا جائے خیال رہے کہ پاکستان میں سہ ملکی ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ 17 سے 29 نومبر تک شیڈولڈ سہ ملکی سیریز میں میزبان پاکستان، سری لنکا کے علاوہ شرکت سے انکار کرنے والی افغانستان کی ٹیم شامل تھی۔

پاکستان کا جنوبی افریقا کو وائٹ واش کرنے کا مشن، تیاریاں جاری

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان ٹیم ٹیسٹ چیمپئن جنوبی افریقا کو دو ٹیسٹ میچز میں وائٹ واش کرنے کی تیاریوں میں مصروف ہے۔ تفصیلات کے مطابق پہلے ٹیسٹ میچ میں 93 رنز سے فتح کے بعد پاکستان ٹیم کا مورال بلند ہے اور کھلاڑی دوسرے میچ میں بھی فتح کے لیے پر امید ہیں۔ قومی اسکواڈ نے راولپنڈی اسٹیڈیم میں فیلڈنگ، بولنگ اور بیٹنگ کی جم کر پریکٹس کی۔ کوچز کے زیر نگرانی کھلاڑیوں نے نیٹ پریکٹس سے پہلے فزیکل ڈرلز میں بھی حصہ لیا۔ پاکستان اور جنوبی افریقا کے درمیان سیریز کا دوسرا اور آخری ٹیسٹ 20 اکتوبر سے شروع ہوگا۔

لاہور ٹیسٹ: دوسرے روز کا کھیل ختم، جنوبی افریقا نے 6 وکٹ کے نقصان پر 216 رنز بنا لیے

پاکستان کی ٹیم پہلی اننگز میں 378 رنز پر آل آؤٹ ہوئی تھیلا ہور سیاحت گائیڈ

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان اور جنوبی افریقا کے درمیان پہلے ٹیسٹ میچ میں دوسرے روز کا کھیل ختم ہوگیا۔ قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے جارہے پہلے ٹیسٹ کے دوسرے روز کے اختتام پر جنوبی افریقا نے پاکستان کیخلاف اپنی پہلی اننگز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 216 رنز بنا لیے ہیں۔ ٹونی ڈی زورزی 81 اور سینوران متھوسامی 6 رنز کے ساتھ ناٹ آؤٹ ہیں۔ پاکستان کی طرف سے نعمان علی نے 4 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا، قبل ازیں پاکستان کی ٹیم اپنی پہلی اننگز میں 378 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی تھی۔ جنوبی افریقا کی پہلی وکٹ 45 رنز پر گری جب ایڈن مارکرم 20 رنز بنا کر نعمان علی کی گیند پر کیچ آؤٹ ہوگئے، 80 کے مجموعی اسکور پر ویان ملڈر بھی 17 رنز بنا کر نعمان علی کا شکار بنے۔ 174 کے مجموعی اسکور پر ریان ریکلٹن 71 رنز بنا کر آغا سلمان کی گیند پر پویلین لوٹ گئے، ٹرسٹن اسٹبس 8 رنز بنا کر نعمان علی کا شکار بنے جبکہ ڈیوالڈ بریویس صفر پر ساجد خان کی بال پر شان مسعود کے ہاتھوں کیچ آؤٹ ہوئے۔ 200 کے مجموعی اسکور پر کائل ویرین 2 رنز بنا کر نعمان علی کی گیند پر ایل بی ڈبلیو ہوئے۔ قبل ازیں پاکستان نے آج صبح 313 رنز 5 وکٹوں کے نقصان کے ساتھ دوسرے روز کے کھیل کی شروعات کی تھی۔ محمد رضوان 62 اور سلمان آغا 52 رنز کے ساتھ بیٹنگ کیلئے آئے۔ جنوبی افریقا کے بولر سینوران متھوسامی کی تباہ کن بولنگ کے سامنے پاکستانی بلے باز ریت کی دیوار ثابت ہوئے اور پاکستان ٹیم 378 رنز پر آل آؤٹ ہوگئی۔

کوہلی اور روہت کا پاکستانی مداح کو آٹوگراف، تصاویر بھی بنوائیں

کوہلی اپنا بیگ بس میں رکھ کر سیدھا پاکستانی مداح کے پاس چلے گئے

لاہور (سپورٹس ڈیسک) بھارتی کرکٹرز ویرات کوہلی اور روہت شرما نے پاکستانی مداح کو آٹوگراف دیا اور تصاویر بھی بنوائیں۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ ویرات کوہلی پرتھ میں جیسے ہی ہوٹل سے باہر نکلے تو ایک پاکستانی مداح نے ان سے آٹوگراف دینے کی خواہش کا اظہار کیا۔ کوہلی اپنا بیگ بس میں رکھ کر سیدھا پاکستانی مداح کے پاس چلے گئے، انہوں نے اسے آٹوگراف دیا اور تصویر بھی بنوائی۔ ویڈیو میں مزید دیکھا جاسکتا ہے کہ سابق بھارتی کپتان روہت شرما جو بس میں بیٹھ چکے تھے، مداح کے اشارے سے بلانے پر بس سے نیچے اتر آئے اور آٹوگراف دے کر تصویر بھی بنوائی۔ وائرل ویڈیو میں کوہلی اور روہت سے آٹوگراف حاصل کرنے والے مداح نے بتایا کہ ان کا تعلق پاکستان کے شہر کراچی سے ہے اور وہ اس سے قبل بھی ان سے ایک بار مل چکے ہیں۔

Showbiz رونق میلہ

ابھی تو گھر کے ڈھیروں کام پڑے ہیں؛ نیوز کاسٹر عشرت فاطمہ کا انتقال کی افواہوں پر ردعمل

عشرت فاطمہ نے 80 کی دہائی میں شہرت کی بلندیوں کو چھوا جو تا حال برقرار ہے

لاہور (شوبز رپورٹر) پی ٹی وی کے سنہری دور کی نیوز کاسٹر عشرت فاطمہ الحمدللہ خیریت سے ہیں اور روزمرہ کے امور کی انجام دہی میں مصروف ہیں۔ عالمی شہرت یافتہ، پاکستان ٹیلی ویژن (پی ٹی وی) کی معروف سابق نیوز کاسٹر عشرت فاطمہ کے انتقال کی جھوٹی خبریں سوشل میڈیا پر تیزی سے پھیل گئیں۔ ان افواہوں نے نہ صرف دنیا بھر میں موجود ان کے مداحوں بلکہ قریبی رشتہ داروں کو بھی تشویش میں مبتلا کر دیا تھا۔ خود عشرت فاطمہ بھی سوشل پر جنگل کی آگ کی طرح پھیلنے والی ان افواہوں پر حیرت زدہ رہ گئیں اور ایک ویڈیو پیغام ریکارڈ کروانا پڑا۔

کپل شرما کے کیفے پر ایک مرتبہ پھر فائرنگ

لاہور (شوبز رپورٹر) کینیڈا میں بھارتی کامیڈین کپل شرما کے 'کیپس کیفے' پر ایک بار پھر فائرنگ کا واقعہ پیش آیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اس بار بھی بدنام زمانہ بشنوئی گینگ نے اس حملے کی ذمہ داری قبول کر لی ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ گزشتہ رات نامعلوم حملہ آوروں نے کیفے کی عمارت پر گولیاں چلائیں، جس سے کھڑکیاں چکنا چور ہوگئیں تاہم خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ فائرنگ کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی منظر عام پر آگئی ہے جس میں ایک کار سے حملہ آوروں کو فائرنگ کرتے دیکھا جا سکتا ہے۔ یہ گزشتہ چار ماہ میں تیسرا واقعہ ہے۔ مبینہ طور پر لارنس بشنوئی گینگ سے تعلق رکھنے والے کولو یر سدھو اور گولڈی ڈھیلون نے سوشل میڈیا پر اس حملے کی ذمہ داری بھی قبول کر لی ہے۔

اسلام کی خاطر شوبز چھوڑنے والی بھارتی اداکارہ زائرہ وسیم کا نکاح؛ تصاویر وائرل

زائرہ وسیم نے عامر خان کے ساتھ دو بلاک بسٹر فلموں میں کام کیا اور عین عروج میں شوبز کو خیر باد کہا تھا

لاہور (شوبز رپورٹر) مسٹر پرفیکشنسٹ عامر خان کے ساتھ فلموں 'دنگل' اور 'سیکریٹ سپر اسٹار' سے شہرت پانے والی سابق اداکارہ زائرہ وسیم نے بالآخر اپنی ازدواجی زندگی کا آغاز کر دیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اس غیر متوقع اور خاموشی سے کیے گئے نکاح کی اطلاع خود اپنے انسٹاگرام پوسٹ کے ذریعے دی۔ انھوں نے اپنی پوسٹ پر صرف تین الفاظ لکھے؛ قبول ہے، قبول ہے، قبول ہے۔ ان کے مداحوں کو اس بات پر بھی خوشی ہے کہ زائرہ نے ظاہری چمک دمک اور دکھاوے کے بجائے سادگی کو فوقیت دی۔ انھوں نے جو تصاویر شیئر کی ہیں ان میں ان کے ہاتھ حنا کی خوشبو سے مہک رہے ہیں اور وہ نکاح نامے پر دستخط کر رہی ایک اور ایک تصویر میں زائرہ وسیم اپنے شوہر کے ساتھ چاند کو تک رہی ہیں، جیسے نئی زندگی کا پہلا خواب آسمان پر لکھ رہی ہوں۔ زائرہ وسیم نے اس پوسٹ میں نہ تو شوہر کا چہرہ دکھایا اور نہ ہی ان کے بارے میں کوئی تفصیل بتائی ہے۔ اپنی پرائیویسی کو برقرار رکھتے ہوئے زائرہ وسیم نے بس اتنا ہی بتایا کہ وہ اب 'مسز' بن چکی یاد رہے کہ زائرہ وسیم نے 2019 میں یہ کہہ کر شوبز دنیا سے کنارہ کشی اختیار کر لی تھی کہ فلمی دنیا ان کے ایمان سے متصادم ہے۔

معروف ٹک ٹاکر رومیسا سعید ٹریفک حادثے کے بعد انتقال کر گئیں

رومیسا چند روز قبل فیصل آباد کے قریب ٹریفک حادثے میں شدید زخمی ہوگئی تھیں

لاہور (شوبز رپورٹر) پاکستانی فیشن انڈسٹری کی ابھرتی ہوئی ماڈل اور معروف ٹک ٹاکر رومیسا سعید ایک روڈ حادثے میں زخمی ہونے کے بعد دورانِ علاج انتقال کر گئیں۔ رومیسا سعید کا شمار ان ماڈلز میں ہوتا تھا جو فیشن اور سوشل میڈیا دونوں میدانوں میں تیزی سے مقبولیت حاصل کر رہی تھیں۔ وہ نہ صرف فیشن شوز میں اپنی دلکش شخصیت کے باعث نمایاں رہیں بلکہ ٹک ٹاک اور انسٹاگرام پر بھی ہزاروں مداحوں کی توجہ کا مرکز تھیں۔ رپورٹس کے مطابق رومیسا چند روز قبل فیصل آباد کے قریب ایک ٹریفک حادثے کا شکار ہوئیں۔

آج کل کی لڑکیاں شادی کے بجائے کیریئر اور آزادی کو ترجیح دیتی ہیں؛ غزالہ جاوید

لاہور (شوبز رپورٹر) سینئر اداکارہ غزالہ جاوید نے اپنے دورے سے موازنہ کرتے ہوئے کہا کہ آج کل کی لڑکیاں جلدی شادی کے حق میں نہیں اور اس کی کئی وجوہات ہیں۔ اپنے حالیہ انٹرویو میں غزالہ جاوید کا کہنا تھا کہ اب لڑکیاں کیریئر، خودمختاری اور آزادی کو پہلی ترجیح دیتی ہیں اسی لیے وہ جلدی شادی کے بندھن میں بندھنے سے گریز کرتی ہیں۔ غزالہ جاوید نے کہا کہ آج کی لڑکی سمجھتی ہیں کہ شادی کے بعد اس کی آزادی محدود ہو جائے گی لیکن ماضی میں ایسا نہیں تھا۔ ماضی شادی پہلی ترجیح تھی۔ اداکارہ غزالہ جاوید نے انکشاف کیا کہ میری شادی صرف 16 سال کی عمر میں ہوئی تھی اور 18 سال کی عمر تک وہ ماں بھی بن گئی تھیں۔

حرامانی کی ہمشکل کہلائی جانے والی خاتون اداکاری کے میدان میں قدم رکھنے کو تیار ہیں؟

لاہور (شوبز رپورٹر) زیادہ دن پرانی بات نہیں کہ اداکارہ حرامانی کی ایک ہمشکل خاتون ڈاکٹر اقدس طارق نے سوشل میڈیا پر کافی پذیرائی حاصل کی تھی اور صارفین ان کی اداکارہ سے مماثلت پر حیران رہ گئے تھے۔ یہ پاکستانی نژاد خاتون ڈاکٹر ہیں اور برطانیہ میں مقیم ہیں۔ وہ انسٹاگرام ویڈیو پر بچوں کی تربیت، دیکھ بھال اور ذہنی صحت سے متعلق مثبت مشورے بھی دیتی ہیں۔ ایسی ہی ایک وائرل ویڈیو نے انھیں بطور حرامانی کی ہم شکل کافی شہرت دلوائی تھی۔ ان کی آواز اور انداز گفتگو بھی حرامانی سے کافی ملتا ہے۔

شادی کینسل؛ ٹام کروز اور کیوبن اداکارہ کے درمیان تعلقات 9 ماہ بعد ہی ختم

لاہور (شوبز رپورٹر) ہالی ووڈ کے معروف اداکار ٹام کروز اور کیوبن نژاد اداکارہ آنا دے آرمس کے درمیان نو ماہ سے جاری رومانوی تعلق کا اختتام ہو گیا ہے۔ 63 سالہ ٹام کروز اور 37 سالہ آنا دے آرمس نے کبھی بھی اپنے تعلقات کی باقاعدہ طور پر تصدیق نہیں کی تھی، لیکن انہیں اس سال کے اوائل میں سابق فٹبالر ڈیوڈ بیکہم کی پچاسویں سالگرہ کی تقریب میں ایک ساتھ دیکھا گیا تھا۔ برطانوی میڈیا کے مطابق دونوں کے درمیان تعلقات میں ٹھنڈک پڑ گئی ہے اور وہ اب ڈیٹنگ کا سلسلہ ختم کر چکے ہیں، تاہم دونوں دوست بن کر رہیں گے۔ ذرائع کے مطابق ٹام کروز اور آنا نے ایک ساتھ اچھا وقت گزارا لیکن اب ان کے راستے الگ ہو گئے ہیں۔ یہ جوڑا ورمونٹ میں آنا دے آرمس کے سات ملین ڈالر کے گھر پر اکثر دیکھا جاتا تھا۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ آنا کو ٹام کروز کی آنے والی فلم میں کاسٹ کیا گیا ہے۔

ایاز خان کی جانی لیور سے ملاقات، اجرک بطور تحفہ پیش کر دی

ویڈیو میں دونوں فنکاروں کو سندھی زبان میں مکالمہ کرتے دیکھا گیا گفٹ باسکیٹس

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کے سینئر اداکار ایاز خان نے دبئی میں بھارتی کامیڈین و اداکار جانی لیور سے ملاقات کی، جس کی ویڈیو انہوں نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر شیئر کی ہے۔ ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ ایاز خان نے جانی لیور کو روایتی سندھی اجرک بطور تحفہ پیش کی، جس کو بھارتی فنکار نے خوش اسلوبی سے قبول کیا۔ دونوں فنکار ملاقات کے دوران خوشگوار موڈ میں نظر آئے۔ ایاز خان نے اس ویڈیو کے کیپشن میں لکھا کہ انہوں نے دبئی میں جانی لیور کے ساتھ پوڈ کاسٹ ریکارڈ کیا، جہاں ہلکے پھلکے انداز میں بات چیت ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ کامیڈی سرحدوں کی قید نہیں ہوتی اور ہنسی انسان کی بنیادی ضرورت ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ ویڈیو میں دونوں فنکاروں کو سندھی زبان میں مکالمہ کرتے دیکھا گیا، جس کو سوشل میڈیا صارفین نے بے حد سراہا۔

بالی ووڈ کے تینوں خانز نے سعودی عرب میں دھوم مچادی

عامر خان نے مداحوں کے پُرزور اصرار پر گانا بھی گایا

لاہور (شوبز رپورٹر) سعودی دارالحکومت ریاض میں جوئے فورم کے اسٹیج پر اُس وقت فلمی دیوانوں کا جوش آسمان کو چھونے لگا جب بالی ووڈ کے تینوں بادشاہ شاہ رخ، سلمان اور عامر خان ایک ساتھ جلوہ گر ہوئے۔ یہ وہ منظر ہے جس کے لیے مداح برسوں آس لگائے ہوتے ہیں اور شاذ و نادر ہی ایسا ہو پاتا ہے جب تینوں خانز ایک ساتھ کسی اسٹیج پر نظر آئے ہوں اور جب ایسا ہو تو مداحوں کا دیوانہ پن دیکھنے لائق ہوتا ہے۔ ریاض کے ایک ایسے ہی اسٹیج پر جب مداحوں کے پُرزور اصرار پر عامر خان نے اپنی فلم کا مقبول گانا گنگنایا تو مداح خوشی سے جھوم اُٹھے۔ اسٹیج پر عامر خان کے عقب میں شاہ رخ اور سلمان خان نے بیک اپ بوائز کا کردار خوب نبھایا۔ دونوں نہ صرف تالیوں سے عامر کا ساتھ دے رہے تھے بلکہ ساتھی اداکار کو خوب داد سے بھی نواز رہے تھے۔ تینوں سپر اسٹارز نے اپنی فلموں، کرداروں اور ماضی کی یادوں کا تڑکا لگایا۔ شوٹنگ کے دوران پیش آنے والے دلچسپ واقعات سنائے اور حیران کر دینے والی شرارتوں سے پردہ اُٹھا تو ہال قہقہوں سے گونج اٹھا۔ تینوں خانز نے سعودی عرب میں اس پذیرائی پر منتظمین کا شکریہ ادا کیا اور مداحوں سے وعدہ کیا کہ آئندہ بھی ایسے پروگراموں میں شرکت کے لیے آتے رہے ہیں۔

شوہر کے لیے سب کچھ کیا لیکن شادی کے 10 ماہ بعد ہی طلاق ہوگئی، زینب قیوم

''میں تو سوچتی تھی کہ شوہر کے گھر سے ہی میری میت اٹھے گی''؛ اداکارہ

لاہور (شوبز رپورٹر) پاکستان شوبز انڈسٹری کی سابق ماڈل اور اداکارہ زینب قیوم نے ایک ویب شو میں اپنی ازدواجی زندگی کے بارے میں دلچسپ انکشافات کرتے ہوئے بتایا کہ ان کی شادی کے محض دس ماہ بعد ہی ان کے شوہر نے انہیں طلاق دے دی تھی۔ زینب قیوم نے بتایا کہ انہوں نے 2010 میں شادی کی تھی اور اس کے بعد دبئی اور پھر لندن منتقل ہوگئی تھیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ''میں تو سوچتی تھی کہ شوہر کے گھر سے ہی میری میت اٹھے گی اور میرے ساتھ ہوئی زیادتیوں کا بدلہ میرے بچے لیں گے، لیکن اس کے باوجود میرے شوہر نے مجھے طلاق دے دی۔'' زینب نے اعتراف کیا کہ طلاق کے بعد وہ دلبرداشتہ ہوگئی تھیں اور سوچتی تھیں کہ ایک کامیاب کیریئر کے باوجود وہ شادی جیسے رشتے کو نبھانے میں کیسے ناکام ہوگئیں۔ انہوں نے مزید وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ ''میرے سابق شوہر کو لگتا تھا کہ ہمارے درمیان مطابقت نہیں ہے۔

بگ باس میں حصہ لینے والی انفلوئنسر تانیا متل کا بڑا اسکینڈل سامنے آگیا

تانیا نے اپنے مبینہ بوائے فرینڈ بلراج سمیت کئی افراد کو دھوکا دیا

لاہور (شوبز رپورٹر) مشہور ریئلٹی شو "بگ باس" کے 19 ویں سیزن کی امیدوار اور سوشل میڈیا انفلوئنسر تانیا متل ایک نئے اسکینڈل کی زد میں آگئی ہیں۔ رپورٹس کے مطابق تانیا پر الزام ہے کہ انہوں نے سوشل میڈیا پر اپنی پرتعیش زندگی کے بارے میں جھوٹے اور گمراہ کن دعوے کیے۔ ممبئی کے انفلوئنسر فیضان انصاری نے تانیا کے خلاف گولیار ایس ایس پی آفس میں باقاعدہ شکایت درج کرائی ہے۔ فیضان نے مؤقف اختیار کیا کہ تانیا متل نے خود کو ایک ایسی عمارت یا گھر کی مالکن ظاہر کیا جو ''فائیو اسٹار ہوٹل سے زیادہ شاندار'' ہے، اور یہ بھی دعویٰ کیا کہ وہ صرف ''بکلاوا، دال اور کافی'' کے لیے بذریعہ جہاز بیرون ملک سفر کرتی ہیں۔ شکایت میں مؤقف اپنایا گیا کہ تانیا کے یہ بیانات سوشل میڈیا پر نوجوانوں کے لیے غلط مثال قائم کر رہے ہیں، کیونکہ وہ ایک غیر حقیقی اور جھوٹی طرزِ زندگی کو کامیابی کی علامت بنا کر پیش کر رہی ہیں۔ فیضان کے مطابق تانیا کی یہ حرکات سوشل میڈیا پر جھوٹ، دھوکے اور خودنمائی کے کلچر کو فروغ دے رہی ہیں۔ انفلوئنسر پر مزید یہ بھی الزام عائد کیا گیا ہے کہ تانیا نے اپنے مبینہ بوائے فرینڈ بلراج سمیت کئی افراد کو دھوکا دیا، جس کے باعث ان کے درمیان تنازع پیدا ہوا اور بلراج کو جیل جانا فیضان انصاری کا کہنا ہے کہ وہ ذاتی طور پر ممبئی سے گولیار گئے تاکہ تانیا کے خلاف شکایت کے لیے تم

بقیہ 1

کے مذموم عزائم کامیاب نہیں ہوں گے۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے ملاقات کی ہے جس میں خیبر پختونخوا میں امن وامان کی صورتِ حال اور دہشت گردی کے حالیہ واقعات پر تفصیلی تبادلہ خیال اور صوبے کے مختلف اضلاع میں فتنہ الخوارج کے خلاف جاری آپریشنز اور پاک افغان موجودہ صورتِ حال پر بھی گفتگو ہوئی۔خیبر پختونخوا میں پائیدار امن کے قیام کے لیے فتنہ الہندوستان کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین اور پولیس ٹریننگ سینٹر و نادرا آفس ڈی آئی خان پر حملوں کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔محسن نقوی نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے بہادری سے دہشت گردی کے ناسور کا مقابلہ کیا ہے، فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد پاکستان کی یکجہتی اور امن کے دشمن ہیں، درندہ صفت عناصر کے خلاف آپریشنز جاری رہیں گے۔انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت صوبے میں امن وامان اور انسداد دہشت گردی کے لیے بھرپور ممکن تعاون فراہم کر رہی ہے، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں خیبر پختونخوا کے عوام کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ڈی جی ماحولیات عمران حامد شیخ نے کہا کہ ڈمپ مٹی، ریت اور ملبہ بغیر کور لے جانے والی گاڑیوں کو فوری پکڑا جائے، بار بار وارننگ ختم اب صرف کارروائی ہوگی۔فصلوں کی باقیات جلانے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس، ایگری کلچر ٹیمیں فیلڈ میں نکلیں، سکولوں میں بچوں اور والدین کو ماسک کے استعمال پر پابند کیا جائے۔

بقیہ 7

دورے پر سعودی عرب جائیں گے، وزیراعظم کے وفد میں سیاسی اور عسکری قیادت اور وفاقی وزرا شامل ہوں گے۔وزیراعظم دورے کے دوران سعودی عرب کی اعلیٰ قیادت سے ملاقاتیں کریں گے اور فیوچر انوسٹمنٹ انیشیاٹیو سے خطاب بھی کریں گے۔یاد رہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے گزشتہ ماہ 17 ستمبر کو بھی سعودی عرب کا غیر عملی دورہ کیا تھا، اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف اور سعودی ولی عہد محمد بن سلمان نے ریاض میں ایک 'دوطرفہ تذویراتی دفاعی معاہدے' پر دستخط کیے تھے، جس کے تحت یہ طے پایا تھا کہ کسی ایک ملک پر حملہ دونوں پر حملہ تصور کیا جائے گا۔یہ معاہدہ ایسے وقت میں سامنے آیا تھا جب اسرائیل کی جانب سے قطر پر حملے کے پس منظر میں ہونے والے حالیہ عرب سربراہی اجلاس نے اجتماعی سلامتی کے رجحان کا عندیہ دیا تھا، جو اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ یہ معاہدہ موجودہ عالمی حالات سے جڑا ہوا ہے اور دونوں ممالک کے دفاعی خدشات کی عکاسی کرتا ہے۔دوسری جانب، اس معاہدے کو پاک-بھارت کشیدہ تعلقات اور ایران-اسرائیل جنگ کی وجہ سے بھی دیکھا جا رہا ہے جب مئی میں بھارت اور پاکستان کے درمیان مختصر جھڑپ ہوئی جب کہ جون میں ایران اور اسرائیل کے درمیان 12 روزہ جنگ لڑی گئی تھی۔

بقیہ 8

لاہور سمیت پنجاب کی چھ ڈویژنل شہروں میں منعقد کیے گئے۔چیئرمین پی پی ایس سی لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ محمد عبدالعزیز نے سیکرٹری افضال احمد، ممبران پی پی ایس سی اور انچارج امتحان رانا راحت امین کو کامیاب امتحان کے انعقاد پر مبارک باد دی۔ترجمان کے مطابق تحریری امتحانات لاہور، فیصل آباد، سرگودھا، راولپنڈی، ملتان، بہاولپور اور ڈی جی خان ڈویژن میں لیے گئے، امتحانی سلسلہ دو روز پر مشتمل ہے جس میں 75 ہزار سے زائد امیدوار شرکت کی۔چیئرمین پی پی ایس سی لیفٹیننٹ جنرل (ر) محمد عبدالعزیز کی ہدایت پر ممبران کمیشن نے امتحانی مراکز کے سرپرائز دورے کیے۔ممبر راشد منصور، محمد صدیق شیخ، حسن اقبال، عارف نواز خان، احمد علی کمبوہ، نصیر احمد خان، شعیب طارق وڑائچ اور میجر جنرل ارشاد نے دورے کیے۔ممبران پی پی ایس سی نے امتحانات کے لیے کیے گئے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔سیکیورٹی کے لیے نصب موبائل فون جیمرز کا معائنہ کیا گیا۔ممبر پنجاب پبلک سروس کمیشن محمد صدیق شیخ نے سرگودھا میں مختلف امتحانی مراکز کا دورہ کیا۔ڈائرکٹر ارشاد احمد ممبر پی پی ایس سی نے راولپنڈی میں قائم امتحانی مراکز کا تفصیلی جائزہ لیا۔فیصل آباد میں قائم امتحانی مراکز کا جائزہ لینے کے لیے احمد علی کمبوہ نے دورہ کیا۔ممبر پی پی ایس سی حسن اقبال نے لاہور میں قائم امتحانی مراکز کا معائنہ کیا۔چیئرمین پنجاب پبلک سروس کمیشن کی ہدایت پر نصیر احمد خان نے بہاولپور میں امتحانی مراکز کا دورہ کیا۔ملتان میں قائم پی پی ایس سی امتحانی مراکز کی نگرانی کے لیے عارف نواز خان نے دورہ کیا۔ڈائریکٹر پی پی ایس سی نے ممبران کمیشن کو امتحانات کے لیے کیے گئے انتظامات سے آگاہ کیا۔امتحانات کے دوران سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے۔پنجاب پبلک سروس کمیشن کے طے کردہ ایس او پیز پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا گیا۔امیدواروں کے ہمراہ آنے والے اہل خانہ کے لیے بیٹھنے کا مناسب انتظام کیا گیا۔ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ریسکیو 1122 اہلکاروں کی موجودگی کو یقینی بنایا گیا۔ریجنل انچارج لاہور محمد اعجاز اکبر نے جوہر ٹاؤن سمیت لاہور کے دیگر امتحانی مراکز میں بہترین انتظامات کو یقینی بنایا۔بہترین انتظامات کرنے پر سید مظفر حسین شاہ اور محمد اعجاز اکبر کو سیکرٹری پی پی ایس سی کی جانب سے شاباش دی گئی۔دو روزہ امتحانی سلسلہ میں پنجاب پولیس میں سب انسپکٹر اور دیگر آسامیوں کا تحریری امتحان لیا گیا۔

بقیہ 9

کسی بھی قانون یا ایکٹ کی تیاری اور نفاذ میں ہوم ڈیپارٹمنٹ کا کلیدی کردار ہوتا ہے۔ہوم ڈیپارٹمنٹ کے زیر نگرانی دو اہم کمیٹیاں شہدائے پولیس کمیٹی اور ریوارڈ منی کمیٹی فعال ہیں، جن کے کنوینر صوبائی وزیر قانون ہوں گے۔بریفنگ میں بتایا گیا کہ اس وقت پولیس شہداء اور ریوارڈ منی سے متعلق کوئی کیس زیر التواء نہیں ہے جبکہ شہداء کے خاندانوں کو تین اور پانچ مرلہ کے گھروں کی فراہمی کا عمل جاری ہے۔صوبائی مزید بتایا گیا کہ اسمبلی بزنس کی تیاری اور کارروائی لاء و ڈیپارٹمنٹ کے ذریعے انجام دی جاتی ہے۔ملاقات کے دوران محفوظ بسنت کے حوالے سے بھی صوبائی وزیر قانون کو تفصیلی بریفنگ دی گئی۔رانا محمد اقبال خان نے اس موقع پر کہا کہ بسنت کے دوران انسانی جانوں کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں، قاتل ڈور سے ہر شہری کو مکمل تحفظ فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔صوبائی وزیر قانون نے اس موقع پر سی ڈی کی کارکردگی پر بھی گفتگو کی اور متعلقہ حکام کو مزید بہتری کے لیے ہدایات دیں۔رانا محمد اقبال خان نے کہا کہ پنجاب حکومت، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں قانون کی عملداری، انسانی جانوں کے تحفظ اور شہداء کے خاندانوں کی فلاح و بہبود کے لیے ٹھوس اقدامات کر رہی ہے۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پتنگ بازی درحقیقت نوورازم کے فروغ کا باعث بنتی ہے تاہم اسکو کسی بھی قیمتی جان کو ضائع یا نقصان پہنچانے کا سبب نہیں بننے دیں گے۔ملاقات میں ایڈیشنل سیکرٹری پولیس کنور انوار، ڈپٹی سیکرٹری لاء فضاء ارشد، رانا جاوید اقبال اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ 10

فصلوں کا بھاری نقصان ہوا۔انہوں نے کہا کہ آج سیلاب متاثرین میں پہلے چیکس کی تقسیم کا عمل شروع ہوا ہے، وعدہ کیا تھا جب تک آخری متاثرہ شخص کے نقصان کا ازالہ نہیں ہوگا آرام سے نہیں بیٹھوں گی، پنجاب میں تین ہفتے سیلابی کیفیت رہی، سیلاب میں آپ کی وزیراعلیٰ، کابینہ اور انتظامیہ کے افراد آرام سے نہیں بیٹھے، پنجاب حکومت نے اپنے عوام کی تاریخی خدمت کی۔انہوں نے کہا کہ جتنا بڑا سیلاب آیا اتنی ہی تاریخی خدمت کی گئی، سب نے یک جان ہو کر ایک ٹیم بن کر سیلاب میں کام کیا، سیلابی سروے کیلئے 10 ہزار افراد پر مشتمل ٹیمیں بنائیں، لاہور میں 10 ہزار لوگوں سے حلف لیا۔ان کا کہنا تھا کہ اب تک 70 فیصد سروے مکمل ہو چکا ہے، آج چیک تقسیم کا آغاز 15 اضلاع، 15 ڈسٹرکٹس اور 15 شہروں سے ہو رہا ہے، ہم نے سیلاب متاثرین کے نقصانات کا ازالہ کرنا شروع کر دیا ہے، سیلاب متاثرین کو دل سے اپنا مہمان سمجھا، سیلاب متاثرین کو کیمپوں میں تین وقت کا تیار کھانا فراہم کیا، تقریباً 12 سے 13 لاکھ سیلاب متاثرین اور جانوروں کا علاج ہوا۔مریم نواز نے کہا کہ پنجاب حکومت نے ریسکیو آپریشن اپنے پیسے سے کیا، ہم نے سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کو کھانا اور ٹینٹ اپنے وسائل سے فراہم کیے، میرے پاس تمام وسائل پنجاب کے عوام کی امانت ہیں، سیلاب متاثرین کی بحالی کیلئے 100 ارب روپے رکھے ہیں، سیلاب متاثرین کی مدد کیلئے کسی کے سامنے ہاتھ نہیں پھیلائے، حکومت نے پنجاب کے عوام کے عزت نفس کا خیال رکھا، میری موجودگی میں پنجاب کے عوام کی طرف کوئی میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا۔وزیراعلیٰ پنجاب کا کہنا تھا کہ میں نے کرپشن کے تمام راستے بند کر دیئے ہیں، 100 ارب روپے سیلاب متاثرین کی شکایات کیلئے ایک پورا سسٹم بنا دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم نے 72 کے قریب کیمپس سائیڈ قائم کر دی ہیں، تمام سیلاب متاثرین کو معاوضے کی رقم، چیک اور اے ٹی ایم کارڈ ملے گا، متاثرین کیلئے قائم کاؤنٹر سے 50 ہزار روپے نقد، باقی رقم اے ٹی ایم کارڈ کے ذریعے نکلوائی جاسکے گی، اے ٹی ایم کارڈ کے ذریعے ایک دن میں 3 لاکھ روپے نکلوائے جاسکتے ہیں، متاثرین کیلئے آج تک 71 ہزار بینک اکاؤنٹس کھولے جا چکے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ متاثرین کو کیمپس سائیڈز تک لانے اور لے جانے کیلئے مفت ٹرانسپورٹ کا انتظام کیا گیا ہے، پنجاب کے کسی بھی شہر میں کوئی تفریق نہیں ہوگی، اللہ پنجاب کو اس سے بھی زیادہ وسائل دے جن کو آپ کے قدموں میں رکھ سکوں، آج لوگ پنجاب کی ترقی اور یہاں ہونے والے کاموں کی مثال دیتے ہیں۔مریم نواز شریف نے مزید کہا کہ آئندہ چند دنوں کے بعد لگے گا ہی نہیں کہ پنجاب میں سیلاب آیا ہے، ہوتا یہ ہے کہ سیلاب یا کسی قدرتی آفت کے بعد حکومتیں کئی کئی سال پیسے مانگتی اور روتی رہتی ہیں، سیلاب کے بعد ہم نے رونا دھونا نہیں کیا اور نہ ہی کسی کے سامنے ہاتھ پھیلایا، ہم آج آپ کو آپ کا حق دے رہے ہیں۔قبل ازیں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے دیپالپور میں سیلاب بحالی پروگرام کے تحت متاثرین میں چیک تقسیم کئے، سیلاب متاثرین کیلئے قائم کاؤنٹر بوتھ کا بھی معائنہ کیا اور سیلاب متاثرین سے ان کے مسائل دریافت کئے۔

بقیہ 11

مبارکباد دیتے ہوئے اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ دیوالی روشنی، امید اور خیر سگالی کا تہوار ہے جو امن، بھائی چارے اور رواداری کا پیغام دیتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بسنے والی تمام اقلیتوں کو آئین کے تحت مساوی حقوق حاصل ہیں اور ان کے مذہبی تہواروں کا احترام ریاست اور معاشرے کی ذمہ داری ہے۔انہوں نے کہا کہ بین المذاہب ہم آہنگی اور یکجہتی ہی ایک مضبوط اور پرامن معاشرے کی بنیاد ہے۔گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ، نمائندگی اور ان کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے ہیں۔پیپلز پارٹی نے آئینی و قانونی اصلاحات کے ذریعے اقلیتوں کو سیاسی، سماجی اور معاشی طور پر مضبوط کرنے میں تاریخی کردار ادا کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بسنے والی ہندو برادری سمیت تمام اقلیتوں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں اور حکومت ان کے مذہبی و ثقافتی حقوق کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے

بقیہ 12

سے متعلق کیس میں حکیم شہزاد عرف لوہا پاڑ کے وارنٹ گرفتاری منسوخ کر دیئے ۔غیر قانونی اشتہارات اور ممکنہ ممنوعہ ادویات کی فروخت کے مقدمے میں سوشل میڈیا پر مشہور حکیم شہزاد عدالت میں پیش ہوئے، کیس کی سماعت چیئرمین ڈرگ کورٹ محمد نوید رانا نے کی۔عدالت نے دو لاکھ روپے کے مچلکوں کے عوض وارنٹ منسوخی کی منظوری دی۔عدالت نے حکیم شہزاد کو فرد جرم عائد کرنے کے لیے 28 اکتوبر کو دوبارہ طلب کر لیا۔واضح رہے کہ عدالت نے عدم پیشی پر ان کے وارنٹ گرفتاری جاری کیے تھے، جبکہ ڈرگ کورٹ انسپکٹر نے ان کے خلاف استغاثہ دائر کر رکھا ہے۔یاد رہے کہ حکیم شہزاد لوہا پاڑ مرحوم ٹی وی میزبان عامر لیاقت کی تیسری اہلیہ دانیہ شاہ کے شوہر ہیں۔دانیہ شاہ نے عامر لیاقت کے انتقال کے کچھ وقت بعد حکیم شہزاد سے دوسری شادی کی تھی جن سے ان کا ایک بیٹا بھی ہے۔

بقیہ 13

اسلام آباد سے لاہور منتقل کیا جائے ۔ لاہور کے مقامی آڈیٹوریم میں اپنی آٹو بائیوگرافی 32 آنکر روڈ کی تقریب رونمائی سے خطاب کرتے ہوئے شبر زیدی نے تسلیم کیا کہ وہ ایف بی آر میں اصلاحات نہیں لاسکے۔شبر زیدی نے مذہبی جماعتوں کی سیاست پر پابندی لگانے کا مطالبہ کیا اور کہا کہ لاہور کیونسٹوں اور فیشنسٹوں کا شہر تھا، لبرل عناصر کو ختم کر کے اسے تباہ کیا گیا۔سابق چیئرمین ایف بی آر نے تجویز دی کہ دارالحکومت کو اسلام آباد سے لاہور منتقل کیا جائے۔اس موقع پر مقررین نے شبر زیدی کی آٹو بائیوگرافی کو ایک ایمان دار، صاف گو اور کھرے شخص کی کتاب قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ شبر زیدی نے اپنی کتاب میں ملک کے معاشی اور معاشرتی ڈھانچے کی خامیوں کو اجاگر کیا ہے۔

بقیہ 14

آنے والے مہینوں میں دیکھنا ہوگا کہ پاک افغان جنگ بندی معاہدے پر کتنا عمل ہوتا ہے۔پاکستان اور افغانستان کے درمیان جنگ بندی معاہدے کے حوالے سے قطری نشریاتی ادارے کو دیئے گئے انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ قطر کے امیر شیخ تمیم بن حمد آل ثانی، ترک صدر طیب ایردوان اور ترک وفد کے سربراہ ابراہیم کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان معاہدے کا بنیادی مقصد دہشت گردی کے مسئلے کو ختم کرنا ہے۔وزیر دفاع نے کہا کہ دہشت گردی برسوں سے پاکستان اور افغانستان کے سرحدی علاقوں کو متاثر کر رہی ہے، گزشتہ ہفتے دہشت گردی کا مسئلہ دونوں ممالک کے درمیان براہِ راست جھڑپ تک پہنچ گیا تھا، دونوں ممالک اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ دہشت گردی کا فوری خاتمہ ضروری ہے۔خواجہ آصف نے کہا کہ دونوں ممالک دہشت گردی پر قابو پانے کیلئے سنجیدہ کوششیں کریں گے ورنہ خطے کے امن کو سنگین خطرات لاحق ہو سکتے ہیں، یہ معاہدہ بنیادی طور پر قطر اور ترکیے کی ثالثی سے ہوا ہے، معاہدے کی تفصیلات کو حتمی شکل دینے کیلئے ایک اور اجلاس آئندہ ہفتے استنبول میں ہو گا۔وزیر دفاع نے کہا کہ افغان وزیر دفاع نے تسلیم کیا کہ دہشتگردی ہی ہمارے تعلقات میں تناؤ کی اصل وجہ ہے، جسے اب قابو میں لایا جائے گا، ایک مؤثر طریقہ کار واضح کیا جائے گا تاکہ دونوں ممالک کے درمیان موجودہ مسائل کو حل کیا جا سکے، معاہدے کی تفصیلات پر استنبول میں اتفاق کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ قطر اور ترکی کی موجودگی اس معاہدے پر بذاتِ خود ضمانت ہے، ہم نے گزشتہ برسوں میں بڑے پیمانے پر جانی اور مالی نقصان اٹھایا ہے، امید ہے کہ اب امن لوٹے گا اور پاکستان و افغانستان کے تعلقات معمول پر آجائیں گے، نتیجتاً پاک افغان تجارت اور ٹرانزٹ بھی دوبارہ شروع ہوگی اور افغانستان پاکستانی بندرگاہوں کو استعمال کر سکے گا۔وزیر دفاع نے کہا کہ جن افغان مہاجرین کے پاس قانونی ویزے اور کاغذات ہیں وہ پاکستان میں رہ سکیں گے، افغان مہاجرین کی بڑی تعداد ایسی ہے جس کے پاس کوئی دستاویز نہیں، اس لیے ان کی واپسی جاری رہے گی۔ان کا کہنا تھا کہ پاک افغان بارڈر کا استعمال بھی باضابطہ ہونا چاہیے، جیسا کہ دنیا کے دیگر ممالک میں ہوتا ہے، خدشات کے خاتمے کے حوالے سے کچھ کہنا قبل از وقت ہے کہ ہم 100 فیصد مطمئن ہیں، ہمیں آنے والے ہفتوں اور مہینوں میں دیکھنا ہوگا کہ معاہدے پر کتنا عمل ہوتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان صدیوں سے ہمسائے ہیں، جغرافیہ بدلا نہیں جا سکتا، امید ہے کہ اس معاہدے کے بعد دونوں ممالک اچھے تعلقات کے ساتھ آگے بڑھ سکیں گے، برادر ممالک قطر اور ترکیے کی موجودگی نے ہمیں اعتماد دیا ہے، ہم ان کے شکر گزار ہیں۔

بقیہ 15

جوڈیشل مجسٹریٹ احمد شہزاد گوندل نے کیس کی سماعت کی، سردار تنویر الیاس کی عدم دستیابی کے باعث استغاثہ کی شہادتیں ریکارڈ نہ ہو سکی۔عدالت نے اگلی سماعت پر استغاثہ کے گواہان کو دوبارہ طلب کر لیا، عدالت نے کیس کی مزید سماعت 31 اکتوبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 16

آئی ایف سی کرنسی کے خطرات کا مؤثر انتظام اور پاکستانی روپے میں سرمایہ کاریاں بڑھا سکے گا۔یہ معاہدہ پاکستانی معیشت کے اہم شعبوں کو قرضوں کی فراہمی میں حائل رکاوٹیں دور کرنے اور ملک بھر میں ملازمتیں پیدا کرنے کی سمت ایک اہم قدم ہے۔اسٹیٹ بینک کے گورنر، جمیل احمد نے کہا کہ پاکستان میں نجی شعبے کی نمو کو فروغ دینا ملک کی کامیاب اور پائیدار معاشی ترقی کے لیے نہایت اہم ہے۔آئی ایف سی کے ساتھ اس شراکت داری کا مقصد نجی شعبے کے لیے قرضوں کے مواقع میں اضافہ ہے۔آئی ایف سی کے نائب صدر اور ٹریژری اور موبلائزیشن کے ٹریژرر جان گینڈ ولفو نے کہا کہ کرنسیوں میں اتار چڑھاؤ ترقی پذیر معیشتوں کو لاحق نمایاں خطرات میں سے ہے اور مقامی کرنسی میں قرضوں کا اجرا پہلے کے مقابلے میں اب بہت زیادہ اہم ہو چکا ہے۔ورلڈ بینک گروپ ایسے قرضوں کے فروغ کو اسٹریٹجک ترجیح دیتا ہے اور اس سے پاکستان میں معاشی نمو کو تحریک ملے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ شرح مبادلہ کے خطرات ترقی پذیر ملکوں کی کمپنیوں کے لیے سنگین چیلنج ہیں جو امریکی ڈالر جیسی مستحکم کرنسیوں میں قرض لیتی ہیں جبکہ اپنی آمدنی مقامی کرنسی میں حاصل کرتی ہیں۔کرنسی کی اس عدم مطابقت کو دور کرنا نہ صرف خطرات کم کرنے اور مالی لچک برقرار رکھنے کی مقامی کاروباری اداروں کی صلاحیت کے لیے ضروری ہے بلکہ یہ وسیع تر معاشی استحکام کو سہارا دینے کے لیے بھی اہم ہے۔انہوں نے کہا کہ آئی ایف سی جدید مالی آلات کے استعمال اور شراکت داریوں کو مستحکم کرنے کے لیے پرعزم ہے تاکہ ابھرتی ہوئی منڈیوں میں مقامی کرنسی میں مالکاری کی بڑھتی ہوئی ضرورت کو پورا کیا جا سکے۔آئی ایف سی کے ساتھ اس شراکت سے اسٹیٹ بینک کا مقصد یہ ہے کہ ملک کی معاشی مضبوطی کو بڑھایا جائے، نجی شعبے کی ترقی کو فروغ دیا جائے اور پاکستان میں زرِ مبادلہ کی سیالیت کو بہتر بنایا جائے

بقیہ 17

تہوار ہے، پاکستان میں بسنے والے تمام مذاہب کے ماننے والوں کو مساوی حقوق حاصل ہیں، پارلیمان ملک میں بسنے والے تمام مذاہب کے ماننے والوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے۔انہوں نے کہا کہ قومی یکجہتی اور مذہبی ہم آہنگی پاکستان کے استحکام و ترقی کی ضامن ہیں، پاکستان کا آئین اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کی ضمانت دیتا ہے ، پاکستان میں ہر شہری کو اپنے مذہبی عقائد اور رسومات کے مطابق زندگی بسر کرنے کی مکمل آزادی حاصل ہے، ملکی تعمیر و ترقی میں اقلیتی برادری کا کردار قابلِ ستائش ہے۔

بقیہ 18

تمام منصوبوں کو معیار اور شفافیت کے ساتھ مقررہ وقت میں مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو بہتر سہولیات میسر آ سکیں۔انہوں نے کہا کہ کھیلوں کے میدان نوجوانوں کے لیے صحت مند سرگرمیوں کا بہترین ذریعہ ہیں اور حکومت پنجاب کی ترجیح ہے کہ ہر علاقے میں ایسے منصوبے جلد از جلد مکمل کیے جائیں۔قبل ازیں بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین ستارہ امتیاز (ملٹری) نے اسٹاف آفیسر عبدالجبار بھٹی اور پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کیانجینئر کے ہمراہ جوئی والا روڈ، سوہدرہ پر جاری سڑک کی تعمیر نو، معیار اور تعمیراتی رفتار کا تفصیلی جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تمام تر قیافی منصوبے اعلیٰ معیار، شفافیت اور مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں۔یہ اسکیم بریگیڈیئر بابر کی خصوصی کاوشوں سے شروع کی گئی ہے، جس کا مقصد عوام کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنا اور مقامی علاقوں کی ترقی کو فروغ دینا ہے۔

بقیہ 19

کے مذموم عزائم کامیاب نہیں ہوں گے۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے ملاقات کی ہے جس میں خیبر پختونخوا میں امن وامان کی صورتِ حال اور دہشت گردی کے حالیہ واقعات پر تفصیلی تبادلہ خیال اور صوبے کے مختلف اضلاع میں فتنہ الخوارج کے خلاف جاری آپریشنز اور پاک افغان موجودہ صورتِ حال پر بھی گفتگو ہوئی۔خیبر پختونخوا میں پائیدار امن کے قیام کے لیے فتنہ الہندوستان کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین اور پولیس ٹریننگ سینٹر و نادرا آفس ڈی آئی خان پر حملوں کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔محسن نقوی نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے بہادری سے دہشت گردی کے ناسور کا مقابلہ کیا ہے، فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد پاکستان کی یکجہتی اور امن کے دشمن ہیں، درندہ صفت عناصر کے خلاف آپریشنز جاری رہیں گے۔انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت صوبے میں امن وامان اور انسداد دہشت گردی کے لیے بھرپور ممکن تعاون فراہم کر رہی ہے، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں خیبر پختونخوا کے عوام کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔اس موقع پر گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کے عوام امن کے داعی ہیں، خیبر پختونخوا کی ترقی و خوشحالی کے لیے قیام امن ناگزیر ہے، ملک وقوم کے دشمن دہشت گردوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز ناگزیر ہیں۔

بقیہ 20

اداروں کے انضمام کے لیے کسی اضافی مالی وسائل کی ضرورت نہیں ہوگی۔یہ اقدام صوبے میں ماحولیاتی کارکردگی میں بہتری اور تحفظ کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے۔

بقیہ 21

خلاف جنگ کے لیے 600 ارب روپے فراہم کر چکی ہے، یہ رقم سول آرمڈ فورسز، سی ٹی ڈی اور فارنزک لیب کو مضبوط بنانے کے لیے دی گئی تھی، چھ سو ارب روپے کہاں خرچ ہوئے؟ آج تک کوئی واضح جواب نہیں ملا۔طلال چوہدری نے کہا کہ وفاق نے سیکیورٹی کے لیے گاڑیاں فراہم کیں مگر معیار کا بہانہ بنا کر واپس کر دی گئیں، یہ بلٹ پروف گاڑیاں عالمی معیار کے مطابق ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں مؤثر ثابت ہو سکتی ہیں، اسی نوعیت کی گاڑیاں وفاقی وزراء اور اعلیٰ افسران دہشت گردی سے متاثرہ علاقوں میں استعمال کر رہے ہیں۔وزیر مملکت نے کہا کہ جہاں یہ گاڑیاں استعمال ہوئیں وہاں جانی نقصان نہ ہونے کے برابر رہا، خیبر پختونخوا پولیس کو نہ ان 600 ارب سے کچھ ملا اور جو کچھ وفاق سے مل رہا ہے وہ بھی چھینا جا رہا ہے، خیبر پختونخوا کے بہادر پولیس افسران اور جوانوں کو نہتے دہشت گردوں کے آگے پھینکا جا رہا ہے، وفاقی وزیر داخلہ نے خیبر پختونخوا پولیس کی قربانیوں کے اعتراف میں یہ گاڑیاں فراہم کیں جو کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں صف اول میں کھڑے ہیں، یہ گاڑیاں دہشت گردی کے خلاف جنگ میں جوانوں کو محفوظ کرنے اور دہشت گردی کے خلاف جنگ تیز کرنے کے لیے دی گئی ہیں۔طلال چوہدری نے کہا کہ یہ بلٹ پروف گاڑیاں نہ صرف عالمی معیار کے مطابق ہیں بلکہ محفوظ اور جدید بھی ہیں، یہ مؤقف نابالغ اور ناپختہ سوچ کی عکاسی کرتا ہے، ایسے افراد کا وزیراعلیٰ بننا عوام کے ساتھ ناانصافی ہے، یہ نابالغ اور ناپختہ سوچ آج پولیس کے جوانوں کیلئے خطرات بڑھا رہے ہیں، ایسا لگتا ہے کہ صوبائی حکومت دہشت گردوں کے مکمل صفایا میں دلچسپی نہیں رکھتی، ان گاڑیوں کے ساتھ ساتھ بلٹ پروف جیکٹس، دوربین اور ہتھیار خریدا گیا تھا تاکہ دہشت گردی کا جلد از جلد قلعہ قمع کیا جائے۔وزیر داخلہ نے کہا کہ وفاقی حکومت پوری نیت کے ساتھ خیبر پختونخوا حکومت کو دہشت گردی کے خلاف جنگ میں تعاون فراہم کر رہی ہے مگر صوبائی حکومت کی بچگانہ سوچ اور سیاسی ضد وفاق کی کوششوں میں رکاوٹ بن رہی ہے، وفاقی حکومت آگے بھی خیبر پختونخوا پولیس کو تعاون فراہم کرے گی تاکہ دہشت گردوں کا جلد سے جلد صفایا ہو۔واضح رہے کہ آج وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ وفاق سے ملی بلٹ پروف گاڑیاں ناقص اور پرانی ہیں جنہیں واپس کیا جا رہا ہے

بقیہ 22

کا حکم دے دیا۔چیف جسٹس عالیہ نیلم نے سائلہ اقرا شہزادی کی درخواست پر سماعت کی، جس میں انہوں نے اپنی والدہ نسرین بی بی کی بازیابی کے لئے عدالت سے رجوع کیا تھا۔سماعت کے دوران ایس ایس پی انویسٹی گیشن فیصل آباد ناصر محمود باجوہ، اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل وقاص عمر کے ہمراہ پیش ہوئے۔سماعت کے دوران چیف جسٹس عالیہ نیلم نے استفسار کیا کہ مغویہ کی بازیابی کے حوالے سے اب تک کیا پیشرفت ہوئی ہے؟ ۔اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل وقاص عمر نے بتایا کہ پولیس کے مطابق مغویہ قتل ہو چکی تھی، جس کے بعد ڈیڈ باڈی کی شناخت کے مراحل باقی تھے۔چیف جسٹس نے ایس ایس پی ناصر باجوہ سے استفسار کیا کہ آپ اس معاملے پر کیا کہیں گے؟۔ ایس ایس پی انویسٹی گیشن نے جواب دیا کہ مغویہ کی بازیابی کیلئے کوششیں جاری ہیں، دیگر صوبوں کے آئی جیز کو بھی خطوط لکھے ہیں۔عدالت نے پولیس کی رپورٹ کو غیر تسلی بخش قرار دیتے ہوئے سی پی او فیصل آباد صاحبزادہ بلال عمر کو آئندہ سماعت پر ذاتی حیثیت میں پیش ہونے کا حکم دیا اور مزید سماعت 28 اکتوبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 23

اور خواجہ سلمان رفیق نے ریسکیورز کی جانب سے انسانی جانوں کو بچانے کیلئے مختلف ڈرلز کا معائنہ کیا اور سراہا۔اس نیشنل ریسکیو چیلنج میں پنجاب سے ریسکیورز کی 9 ڈویژنز، خیبر پختونخوا، سندھ، گلگت بلتستان، پاک آرمی، CDA اسلام آباد اور یونیورسٹی لاہور سمیت 15 ٹیمیں شامل ہوئیں ۔احسن اقبال اور خواجہ سلمان رفیق نے پریڈ کا بھی معائنہ کیا۔اس موقع پر سیکرٹری محکمہ ایمرجنسی سروسز پنجاب ڈاکٹر رضوان نصیر نے اپنی تقریر میں مہمانان خصوصی کی آمد کا شکریہ ادا کیا اور محکمہ کی کارکردگی بارے تفصیلات سے آگاہ کیا ۔صوبائی وزیر صحت و ایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی وزیر احسن اقبال سے بھائیوں جیسا تعلق ہے۔احسن اقبال ایک مدبر، تعلیم یافتہ، دیانتدار اور ایماندار انسان ہیں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا شکر گزار ہوں۔جنہوں نے خدمت انسانیت کرنے والے محکمہ جات کی ذمہ داریاں سونپی ہیں۔ایئر ایمبولینس سروس پاکستانی تاریخ میں ریسکیو کا سب سے بڑا منصوبہ شروع کیا گیا۔ایئر ایمبولینس سروس کے ذریعے اب تک 200 سے زائد مریضوں کی جان بچا چکے ہیں۔الحمدللہ موٹروے کے ہر انٹرچینج پر ایمرجنسی سروسز فراہم کر رہے ہیں۔ریسکیو 1122 ایک عظیم درسگاہ ہے۔اقوام متحدہ کی جانب سے سرٹیفائیڈ ہونا باعث فخر ہے۔گذشتہ برس 28 ممالک کی ٹیموں کا پاکستان آ

خالی افغان بستیاں مکمل مسمار کریں گے، کسی کو قبضہ نہیں کرنے دیں گے، شرجیل میمن

ہمارا مطالبہ ہے گندم کی سپورٹ پرائس 4 ہزار 200 مقرر کی جائے، دسمبر میں ای وی ٹیکسی سروس شروع کر رہے ہیں، صوبائی وزیر

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ خالی کرائی گئی افغان بستیاں مکمل مسمار کی جائیں گی، کسی کو قبضہ نہیں کرنے دیا جائے گا، سپورٹ پرائس نہ آنے سے گندم امپورٹ کرنی پڑ رہی ہے، ہمارا مطالبہ ہے گندم کی سپورٹ پرائس 4 ہزار 200 مقرر کی جائے، دسمبر میں ای وی ٹیکسی سروس شروع کر رہے ہیں۔ سینئر صوبائی وزیر شرجیل میمن نے کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ افغان بستیاں مکمل مسمار کی جائیں گی۔

کراچی: مجلس وحدت مسلمین کے سربراہ سینیٹر علامہ راجہ ناصر عباس پی پی آئی سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ سے ملاقات کر رہے ہیں۔

پاکستان کی تمام اکائیاں سبز ہلالی پرچم کے نیچے متحد ہیں، شہریار آفریدی

ریاست ماں ہوتی ہے تمام اکائیوں کو ساتھ لے کر چلتی ہے کسی بھی سیاسی جماعت کا کوئی بھی فیصلہ اس کو ویلکم کرنا چاہیے، گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) سابق وفاقی وزیر شہریار آفریدی نے کہا ہے کہ پاکستان کی تمام اکائیاں سبز ہلالی پرچم کے نیچے متحد ہیں۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سابق وفاقی وزیر شہریار آفریدی نے کہا کہ سب کو عزت دیں اور سب کی بات سنیں اس سے ماحول بھی بہتر ہوگا اور پاکستان کے مسائل بھی حل ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست ماں ہوتی ہے تمام اکائیوں کو ساتھ لے کر چلتی ہے۔

پھولنگر، نیشنل ہائی وے پر موٹر سائیکل ٹرالر کی زد میں آ گئی، باپ دو کمسن بچوں سمیت جاں بحق، ماں زخمی

موٹر سائیکل سوار 30 سالہ وسیم اپنی اہلیہ ریحانہ، دو بچوں 4 سالہ سمیع اللہ، 2 سالہ حمید اللہ کے ہمراہ جا رہا تھا

پھولنگر (این این آئی) نیشنل ہائی وے پر پھولنگر بائی پاس کے قریب موٹر سائیکل ٹرالر کی زد میں آ گئی جس کے نتیجے میں باپ دو کمسن بچوں سمیت جاں بحق جبکہ ماں شدید زخمی ہوگئی، حادثے کے بعد ڈرائیور موقع سے فرار ہوگیا۔ بتایا گیا ہے کہ موٹر سائیکل پر سوار 30 سالہ وسیم اپنی اہلیہ ریحانہ، دو بچوں 4 سالہ سمیع اللہ اور 2 سالہ حمید اللہ کے ہمراہ حبیب آباد جا رہا تھا کہ پھولنگر میں کوٹ رادھا کشن بائی پاس کے قریب ان کی موٹر سائیکل تیز رفتار ٹرالر کی زد میں آ گئی۔ حادثے میں وسیم اور دو بچے سمیع اللہ اور حمید اللہ موقع پر دم توڑ گئے جبکہ ریحانہ بی بی شدید زخمی ہوگئی۔ حادثے کے بعد ٹرالر کر ڈرائیور موقع سے فرار ہوگیا۔ پولیس نے لاش مردہ خانے منتقل کر کے ڈرائیور کی تلاش شروع کر دی۔

سرگودھا، بدنام زمانہ مجرم پولیس مقابلے میں مارا گیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں ماں بیٹی کو اغوا کر کے ٹکڑے دریا برد کرنے، دوشیزہ کے قتل اور بچے سے بدفعلی کر کے اس کا گلا گھونٹ دینے سمیت چوری ڈکیتی اور راہزنی کے واقعات میں ملوث مجرم سی سی ڈی پولیس مقابلہ میں مارا گیا جس کی نعش کو پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا اور پولیس مصروف تفتیش ہے۔

کراچی: وزیر صحت ڈاکٹر عذرا پیچوہو ایچ پی وی ویکسینیشن مہم کے سلسلے میں اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں۔

الیکشن کمیشن نے فیصل آباد، ساہیوال کے پانچ حلقوں میں ضمنی انتخابات کا نیا شیڈول جاری کر دیا

این اے 96، این اے 104، این اے 143، پی پی 98 اور پی پی 203 میں 23 نومبر کو پولنگ ہوگی

لاہور (این این آئی) الیکشن کمیشن نے فیصل آباد اور ساہیوال کے پانچ حلقوں میں ضمنی انتخابات کا نیا شیڈول جاری کر دیا۔ ترجمان کے مطابق حلقہ این اے 96، این اے 104، این اے 143، پی پی 98 اور پی پی 203 میں پولنگ ہوگی۔ ریٹرننگ آفیسرز کے فیصلوں کے خلاف اپیلوں کی آخری تاریخ 24 اکتوبر مقرر کی گئی ہے جبکہ اپیلٹ ٹریبونل اپیلوں کے فیصلے 31 اکتوبر تک کرے گا۔ امیدواروں کی نظر ثانی شدہ فہرست یکم نومبر کو شائع کی جائے گی، امیدواروں کی دستبرداری کی آخری تاریخ 3 نومبر مقرر کی گئی ہے، انتخابی نشانات الاٹ کرنے کی تاریخ 4 نومبر ہے جبکہ ضمنی انتخابات کے لئے پولنگ 23 نومبر 2025 کو ہوگی۔

برائلر گوشت کی قیمت مستحکم، فارمی انڈے مزید مہنگے

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 432 روپے فی کلو، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 298 روپے فی کلو پر مستحکم جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت مزید 2 روپے اضافے سے 324 روپے فی درجن کی سطح پر مستحکم رہی۔ اوپن مارکیٹوں میں بعض مقامات پر دکانداروں نے برائلر گوشت سرکاری نرخنامے سے 30 روپے کلو زائد قیمت پر فروخت کیا۔

سہیل آفریدی کی بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کی درخواست پر اعتراضات دور

سیکرٹری داخلہ، سیکرٹری محکمہ داخلہ پنجاب، آئی جی پولیس اور سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو 23 اکتوبر کیلئے نوٹس

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کی بانی پی ٹی آئی سے جیل میں ملاقات کی درخواست پر رجسٹرار آفس کے اعتراضات دور کر دیے۔ پیر کو اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس ارباب محمد طاہر نے رجسٹرار آفس اعتراضات کے ساتھ سماعت کی۔ عدالت نے سیکرٹری داخلہ، سیکرٹری محکمہ داخلہ پنجاب، آئی جی پولیس اور سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو 23 اکتوبر کے لیے نوٹس جاری کر دیئے۔ وزیر اعلیٰ کے پی سہیل آفریدی کے وکیل علی بخاری ایڈووکیٹ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کے پی کی بانی پی ٹی آئی سے جیل ملاقات کی پٹیشن پر رجسٹرار آفس نے متعدد اعتراضات عائد کر رکھے ہیں، اعتراض ہے کہ اس حوالے سے پہلے ہی ایک عدالتی فیصلہ آ چکا ہے، یہ بھی اعتراض ہے کہ سہیل آفریدی خیبر پختونخوا حکومت اور صوبائی کابینہ کے فیصلے کے بغیر کیسے درخواست دائر کر سکتے ہیں؟

ریلویز پولیس کی بڑی کارروائی، جعلی بریگیڈیئر گرفتار

لاہور (این این آئی) ریلویز پولیس نے لاہور میں بڑی کارروائی کرتے ہوئے جعلی بریگیڈیئر کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ریلوے پولیس کے مطابق ملزم بہادر علی سرکاری دفاتر میں فون کر کے خود کو آرمی کا بریگیڈیئر بتا کر فراڈ کرتا تھا۔ ملزم نے فروری میں ایس پی ورکشاپس دفتر کال کر کے خود کو حاضر سروس بریگیڈیئر ظاہر کیا، ملزم نے بذریعہ کال مغلپورہ کے صوفی شوکت قادری سے رابطہ کروانے کی درخواست کی

پشاور: وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی امن وامان، گڈ گورننس روڈ میپ اور نو کرپشن پالیسی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

لاہور کا فضائی معیار انتہائی خراب، آلودہ ترین شہروں میں پہلے نمبر پر آ گیا

لاہور کا ائیر کوالٹی انڈیکس 332، فیصل آباد میں 325، شیخوپورہ 311، ڈی جی خان 239، گوجرانوالہ 233 اور ملتان کا 224 ہے

لاہور (این این آئی) لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں پہلے نمبر پر آ گیا۔ انوائرمینٹل پروٹیکشن ایجنسی کے مطابق لاہور کا ائیر کوالٹی انڈیکس 332 پر پہنچ گیا اور فیصل آباد میں ائیر کوالٹی انڈیکس 325 ہے۔ اس کے علاوہ شیخوپورہ 311، ڈی جی خان 239، گوجرانوالہ 233 اور ملتان کا اے کیو آئی 224 ہے۔ پیر کی صبح علی الصبح لاہور کا ائیر کوالٹی انڈیکس انتہائی خراب ہونے سے لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں شامل ہوا۔ ادارہ برائے ماحولیاتی تحفظ پاکستان کی درجہ بندی کے مطابق 0 سے 100 تک انڈیکس کو سبز اور مثبت جبکہ 101 سے 200 تک انڈیکس کو قدرے آلودہ مگر قابل برداشت کی کیٹیگری میں رکھا گیا ہے۔ 300 سے 500 کے درمیان انڈیکس آلودہ اور انتہائی آلودہ کی کیٹیگری میں آتے ہیں اور ایسے میں طویل مدت تک فضائی آلودگی کی صورت میں دل اور پھیپھڑوں کے مریضوں کو سانس لینے میں مشکل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ادارہ برائے ماحولیاتی تحفظ کی درجہ بندی میں بتایا گیا ہے کہ ائیر کوالٹی انڈیکس 500 سے زیادہ ہونے کا مطلب فضا شدید آلودہ ہے

سابق سسر اور سابق بیوی کے قتل کے الزام میں سزائے موت پانے والے مجرم کی اپیل خارج

لاہور ہائیکورٹ نے دوہرے قتل کے مجرم محمد شفیق کی دو بار پھانسی کی سزا کو تین مرتبہ عمر قید میں تبدیل کر دیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سابق سسر اور سابق بیوی کے قتل کے الزام میں سزائے موت پانے والے مجرم محمد شفیق کی اپیل خارج کرتے ہوئے اس کی سزا میں جزوی تبدیلی کر دی۔ عدالت نے دوہرے قتل کے مجرم کی دو بار پھانسی کی سزا کو تین مرتبہ عمر قید میں تبدیل کر دیا۔ جسٹس شہرام سرور چوہدری اور جسٹس سردار اکبر علی ڈوگر پر مشتمل دو رکنی بینچ نے مجرم محمد شفیق کی اپیل پر سماعت کی۔ عدالت نے قرار دیا کہ مقدمے میں وجہ عناد پوری طرح ثابت نہیں ہو سکی، اس لیے سزائے موت کو عمر قید میں تبدیل کیا جا رہا ہے۔ استغاثہ کے مطابق مجرم محمد شفیق نے اپنی سابقہ اہلیہ کنزہ الیاس اور سابق سسر جاوید اختر کو گھریلو تنازعات اور رنجش کی بنا پر سال 2019ء میں قتل کر دیا تھا۔ واقعہ فیصل آباد کے تھانہ مدینہ ٹاؤن کی حدود میں پیش آیا، جہاں 18 جولائی 2019ء کو دوہرے قتل کا مقدمہ درج کیا گیا۔ سرکاری وکیل نے بتایا کہ طلاق کے بعد ملزم اپنی سابقہ بیوی اور سسر کو اکثر دھمکیاں دیتا رہتا تھا۔

سرگودھا، تیز رفتار کوسٹر کی موٹر سائیکل کو ٹکر میں گر کر دوسری گاڑی کے کچل دینے سے دونوں سوار جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) تیز رفتار کوسٹر کی موٹر سائیکل کو ٹکر میں گر کر دوسری گاڑی کے کچل دینے سے دونوں سوار جاں بحق ہو گئے جن کی نعشیں ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ زرائع کے مطابق سرگودھا جھنگ روڈ پر چنڈ ٹال پلازہ کے قریب تیز رفتار کوسٹر کی موٹر سائیکل کو ٹکر میں سڑک پر گر کر دوسری گاڑی کے کچل دینے سے دونوں موٹر سائیکل پر سوار 15 سالہ علی رضا ساکن کوری والا اور 14 سالہ حسنین ساکن حسن خان جانبحق ہو گئے

ہائیکورٹ، فیصل مسجد میں نامناسب لباس میں داخلے اور ویڈیوز بنانے پر پابندی کی درخواست پر نوٹسز جاری

مسجد کے انچارج، ڈپٹی کمشنر اسلام آباد اور چیئرمین سی ڈی اے کو تحریری شکایات بھجوائیں لیکن کوئی کاروائی نہیں ہوئی، درخواست گزار

اسلام آباد (این این آئی) ہائی کورٹ نے فیصل مسجد میں نامناسب لباس میں داخلے اور ویڈیوز بنانے پر پابندی کی درخواست پر نوٹسز جاری کر دیے۔ پیر کو اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس ارباب محمد طاہر نے ایک شہری مشرف زین کی درخواست پر سماعت کرتے ہوئے نوٹس جاری کیے۔ عدالت عالیہ نے انچارج فیصل مسجد، ڈپٹی کمشنر اسلام آباد، چیئرمین سی ڈی اے اور وزارت مذہبی امور کو بھی نوٹس جاری کیے ہیں۔ علاوہ ازیں صدر انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی، آئی جی پولیس اسلام آباد اور اسٹیٹ کو بھی نوٹس جاری کر کے جواب طلب کیے گئے ہیں۔ دوران سماعت درخواست گزار اپنے وکیل کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے استفسار کیا کہ ہم اس حوالے سے کس کو ڈائریکشن دیں؟، جس پر وکیل نے جواب دیا کہ انچارج فیصل مسجد سمیت دیگر کو فریق بنایا ہے۔

کراچی: گورنر سندھ کامران ٹیسوری گورنر ہاؤس میں ہندو برادری کے تہوار دیوالی کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

دہشتگردوں سے مرعوب نہیں ہوں گے، اقدامات جاری رہیں گے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

دہشت گردی کے خلاف جنگ کے خلاف کھل کر بات کریں گے، جو کچھ ہوا ہے اس پر سب کو آگاہ کریں گے، دہشت گردی کسی صورت برداشت نہیں کریں گے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دہشت گرد ترقی کے دشمن ہیں اور ہم دہشت گردی کے خلاف جنگ پر کھل کر بات کریں گے اور ان سے مرعوب نہیں ہوں گے۔ اسپیکر عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ہوا جس میں اسپیکر نے رولنگ دی کہ ایوان میں امن وامان کے حوالے سے ان کیمرہ بریفنگ جلد ہوگی۔

غیر ملکی سرمایہ کاری کی آمد اور اخراج میں توازن بگڑ رہا ہے، مدثر مسعود چوہدری

حکومت پائیدار سرمایہ کاری کے حصول کیلئے اوورسیز پاکستانیوں کو راغب کرے، سینئر وائس چیئرمین پیاف

لاہور (این این آئی) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) کے سینئر وائس چیئرمین و سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری مدثر مسعود چوہدری نے غیر ملکی براہ راست سرمایہ کاری میں اضافے کے برعکس سرمایہ نکالنے جیسے اقدامات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ انتہائی سنجیدہ صورتحال ہے جس پر گہری سوچ بچار کرنے کی ضرورت ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ رواں مالی سال کے ابتدائی دو مہینوں میں غیر ملکی کمپنیوں نے منافع اور ڈیویڈنڈز کی مد میں 591 ملین ڈالر ملک سے منتقل کیے جو گزشتہ سال اسی مدت کے 268 ملین ڈالر کے مقابلے میں دوگنا سے بھی زیادہ ہے۔ یہ تشویش کی بات ہے کہ تیز رفتار منتقلی اس وقت سامنے آئی ہے جب نئی غیر ملکی سرمایہ کاری کا حجم انتہائی کم ہے۔ جولائی تا اگست صرف 363 ملین ڈالر کی خالص سرمایہ کاری ریکارڈ ہوئی جبکہ اس عرصے میں ملک سے زیادہ سرمایہ باہر گیا۔

کراچی، میٹرو ول میں فائرنگ کا واقعہ، نامعلوم گولی سے نوجوان جاں بحق

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے میٹرو ول فرنٹیئر چوک کے قریب فائرنگ کے واقعے میں ایک نوجوان جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق واقعہ نامعلوم سمت سے آنے والی گولی لگنے کے باعث پیش آیا۔ جاں بحق ہونے والے نوجوان کی لاش عباسی شہید اسپتال منتقل کی گئی، جہاں اس کی شناخت عبید اللہ کے نام سے ہوئی۔ پولیس حکام کے مطابق ابتدائی تفتیش کے مطابق یہ واقعہ اندھی گولی کا نتیجہ معلوم ہوتا ہے۔

ڈیجیٹل ٹیکنالوجیز انسانی آزادی اور جمہوریت کیلئے خطرہ ہیں، ڈاکٹر ثناء اللہ عباسی

چیلنج ٹیکنالوجی کو مسترد کرنا نہیں، بلکہ اسے انسانیت کی خدمت کیلئے حاصل کرنا ہے

کراچی (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کے سابق ڈائریکٹر جنرل، سابق انسپکٹر جنرل آف پولیس (آئی جی پی) ڈاکٹر ثناء اللہ عباسی نے خبردار کیا ہے کہ ڈیجیٹل ٹیکنالوجیز انسانی خودمختاری، جمہوری طرزِ حکومت اور خودارادیت پر مبنی مستقبل کے تصور کے لیے وجودی خطرہ بن چکی ہے۔ بحریہ یونیورسٹی میں کس طرح ڈیجیٹل ٹیکنالوجیز سہولت کے آلات سے کنٹرول کے ہتھیاروں میں تبدیل ہو چکی ہیں کے موضوع پر لیکچر دیتے ہوئے ڈاکٹر ثناء اللہ عباسی نے کہا کہ نگرانی پر مبنی سرمایہ داری مارکیٹ کی ایک نئی شکل ہے۔ انہوں نے کہا کہ نگرانی پر مبنی سرمایہ داری معلوماتی دور کی معاشی و سماجی حقیقت کی نمائندگی کرتی ہے، انہوں نے وضاحت کی کہ یہ کسی ہیروئی سازش کا نتیجہ نہیں بلکہ ایک مخصوص تاریخی لمحے کا ثمر ہے، جس نے جمع کرنے کی ایک نئی منطق کو جنم دیا۔ ڈاکٹر ثناء اللہ عباسی کے مطابق اس نظام نے انسانی تجربے کو ایک کھلے وسائل میں بدل دیا ہے

نادرا میں بڑی تعداد میں بھرتیاں، دفاتر کیلئے متعدد پلاٹس خریدے جائیں گے

اندرون سندھ کے 9 اضلاع کے لیے 200 جونیئر ایگزیکٹو ڈیٹا انٹری اپریٹر بھرتی کرے گی، نادرا ذرائع

کراچی (این این آئی) نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) بڑی تعداد میں بھرتیوں کے لیے متعدد پلاٹس خریدے گی جہاں ان بھرتی ملازمین کے لیے دفاتر قائم کیے جائیں گے۔ تفصیلات کے مطابق نادرا کراچی کے پانچ اضلاع اور اندرون سندھ کے 9 اضلاع کے لیے 200 جونیئر ایگزیکٹیو ڈیٹا انٹری اپریٹر بھرتی کرے گی۔ نادرا میں بھرتیوں کے لیے امیدواروں کی تعلیمی قابلیت انٹرمیڈیٹ، عمر کی حتمی حد 25 برس اور واک ان انٹرویو 3 نومبر سے شروع ہوں گے۔ سندھ کے 11 دیگر اضلاع جن میں پلاٹس خریدے جائیں گے، ان میں میرپور خاص، میرپور ساکرو، کوٹری، ٹیاری، چھاچھرو، جھڈو، میرپور ٹھورو، ٹنڈو الہیار، جامشورو، ٹھٹہ اور سجاول شامل ہیں۔

ریلویز پولیس کی بڑی کارروائی، جعلی بریگیڈیئر گرفتار

لاہور (این این آئی) ریلویز پولیس نے لاہور میں بڑی کارروائی کرتے ہوئے جعلی بریگیڈیئر کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ریلوے پولیس کے مطابق ملزم بہادر علی سرکاری دفاتر میں فون کر کے خود کو آرمی کا بریگیڈیئر بتا کر فراڈ کرتا تھا۔ ملزم نے فروری میں ایس پی ورکشاپس دفتر کال کر کے خود کو حاضر سروس بریگیڈیئر ظاہر کیا، ملزم نے بذریعہ کال مغلپورہ کے صوفی شوکت قادری سے رابطہ کروانے کی درخواست کی

کراچی: سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن کراچی میں سندھ ماس ٹرانزٹ اتھارٹی کے آپریشنز کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر کے دورے کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں۔

قصور: ڈپٹی کمشنر عمران علی پراس کنٹرول اور انسداد سموگ سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

ملک بھر میں انسداد اسمگلنگ کارروائیاں؛ 12 کروڑ سے زائد مالیت کی منشیات برآمد

تمام کارروائیوں کے انسداد منشیات ایکٹ 1997 کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے

کراچی (این این آئی) ملک بھر میں انسداد اسمگلنگ کارروائیوں میں 12 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی منشیات برآمد کر لی گئی۔ ترجمان کے مطابق اے این ایف کا تعلیمی اداروں کے اطراف اور ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، اس دوران مختلف کارروائیوں میں افغان شہری اور خاتون سمیت 9 ملزمان کو گرفتار کر کے 12 کروڑ 36 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی 200 کلوگرام منشیات برآمد کر لی گئی۔ ترجمان کے مطابق جناح ایئرپورٹ پر سعودی دارالحکومت ریاض جانے والے مسافر کے سامان میں موجود مٹھائی کے 2 ڈبوں سے 1.990 کلوگرام وزنی، 13000 زینیکس گولیاں برآمد کر لی گئیں۔ علاوہ ازیں طارق روڈ کراچی میں واقع کوریئر آفس میں برطانیہ بھیجے جانے والے پارسل سے 1.620 کلوگرام ہیروئن برآمد کی گئی۔ چناب ٹول پلازہ گجرات کے قریب خاتون کے قبضے سے 4.320 کلوگرام ہیروئن اور 400 گرام آئس برآمد کر لی گئی۔

میئر سکھر اور ترجمان سندھ حکومت کی دیوالی کے موقع پر ہندو برادری کو مبارکباد

دیوالی خوشیوں، روشنیوں اور امیدوں کا تہوار ہے جو اندھیروں پر روشنی، برائی پر نیکی اور نفرت پر محبت کی فتح کا پیغام دیتا ہے

سکھر (این این آئی) میئر سکھر اور ترجمان سندھ حکومت بیرسٹر ارسلان اسلام شیخ نے روشنیوں کے تہوار دیوالی کے موقع پر ہندو برادری کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے پیغام میں ارسلان شیخ نے کہا کہ دیوالی خوشیوں، روشنیوں اور امیدوں کا تہوار ہے جو اندھیروں پر روشنی، برائی پر نیکی اور نفرت پر محبت کی فتح کا پیغام دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ صدیوں سے رواداری، بھائی چارے اور بین المذاہب ہم آہنگی کی سرزمین ہے، جہاں تمام مذاہب کے ماننے والے باہمی احترام کے ساتھ رہتے ہیں۔ ترجمان سندھ حکومت نے کہا کہ اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ اور ان کے مذہبی و ثقافتی تہواروں کا احترام سندھ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ حکومت سندھ ہمیشہ اس عزم پر قائم ہے کہ صوبے میں بسنے والی تمام اقلیتوں کو برابری کے حقوق، احترام اور مذہبی آزادی حاصل ہو۔ میئر سکھر نے مزید کہا کہ دیوالی کی روشنی سب کے گھروں میں خوشیاں، محبت اور امن لے کر آئے

نیشنل گیمز کا سامان چوری کرنیوالا ملزم رنگے ہاتھوں پکڑا گیا ملزم کیخلاف مقدمہ درج کر لیا گیا

کراچی (این این آئی) کشمیر اسپورٹس کمپلیکس میں نیشنل گیمز کا سامان چوری کرنیوالے ملزم رنگے ہاتھوں پکڑا گیا۔ تفصیلات کے مطابق کشمیر اسپورٹس کمپلیکس میں نیشنل گیمز کا سامان چوری کرنیوالے ملزم کیخلاف مقدمہ درج کر لیا گیا، مقدمہ سیکرٹری جنرل سندھ اولمپک ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری کی مدعیت میں درج کیا گیا ہے۔ مقدمے کے متن کے مطابق پہلے بھی چور نے دو تیر، 44 کمان اور دیگر سامان چوری کیا تھا، دوران پریکٹس آرچری کا سامان چوری کرنے کیلئے ایک ملزم آیا۔

فیصل آباد، قندھاری انار اور انگور کی قیمتوں میں 100 فیصد اضافہ، شہری پریشان

400 روپے فی کلو بکنے والے قندھاری انار 900 روپے، انگور کی فی کلوگرام قیمت 800 روپے تک جا پہنچی

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد میں پاک افغان بارڈ کی بندش کے باعث افغانستان سے آنے والے قندھاری انار اور انگور کی قیمتوں میں 100 فیصد اضافہ ہو گیا ہے جس سے خریدار مشکلات کا شکار ہو گئے ہیں۔ فیصل آباد میں چند روز قبل تک 400 روپے فی کلو بکنے والے قندھاری انار 900 روپے، انگور کی فی کلوگرام قیمت 800 روپے تک جا پہنچی ہے۔ اس حوالے سے شہریوں نے بتایا کہ انگور لینے کے لیے آئے تھے انگور کا ریٹ پہلے سے ڈبل کر دیا ہے، پچھلے ہفتے اس کا ریٹ تقریباً چار سو سے پانچ سو تھا اب انہوں نے 800 کر دیا ہے۔ دوسری جانب دوکانداروں کا کہنا ہے کہ قیمتوں میں اضافہ افغانستان بارڈ کی بندش کے باعث ہے۔ تاجروں اور دوکانداروں نے کہا کہ جب تک پاک افغان بارڈ سے پھلوں کی سپلائی بحال نہیں ہوگی، قندھاری انار اور انگور کی قیمتوں میں کمی کا امکان نہیں ہے۔

پاکستان سمیت دنیا بھر میں ہندو برادری نے دیوالی کا تہوار منایا

لاہور (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں بسنے والی ہندو برادری پیر کو دیوالی کا تہوار مذہبی جوش وجذبے کے ساتھ منایا۔ اس موقع پر مندروں میں خصوصی تقریبات کا اہتمام کیا گیا، اس دن کو منانے کے لیے ہندو برادری بھگوان رام کی واپسی کی یاد میں اپنی مذہبی رسم کے لیے مٹی کے چراغ بھی جلاتے ہیں۔ یہ تہوار شری رام چندر جی کی قربانیوں کو یاد کرنے کے لیے منایا جاتا ہے

ملک بھر میں انسداد اسمگلنگ کارروائیاں؛ 12 کروڑ سے زائد مالیت کی منشیات برآمد

تمام کارروائیوں کے انسداد منشیات ایکٹ 1997 کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) ملک بھر میں انسداد اسمگلنگ کارروائیوں میں 12 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی منشیات برآمد کر لی گئی۔ ترجمان کے مطابق اے این ایف کا تعلیمی اداروں کے اطراف اور ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، اس دوران مختلف کارروائیوں میں افغان شہری اور خاتون سمیت 9 ملزمان کو گرفتار کر کے 12 کروڑ 36 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی 200 کلوگرام منشیات برآمد کر لی گئی۔ ترجمان کے مطابق اسمگلنگ کارروائیوں میں 12 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی منشیات برآمد کر لی گئی۔ ترجمان کے مطابق اے این ایف کا تعلیمی اداروں کے اطراف اور ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، اس دوران مختلف کارروائیوں میں افغان شہری اور خاتون سمیت 9 ملزمان کو گرفتار کر کے 12 کروڑ 36 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی 200 کلوگرام منشیات برآمد کر لی گئی۔ ترجمان کے

لاہور بیشنر ممبر بورڈ آف ریونیو نبیل جاوید، داتا دربار توسیعی منصوبے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری و دیگر موجود ہیں۔

شہر قائد میں آئندہ تین روز کے دوران گرمی کی شدت میں اضافے کی پیش گوئی

بلوچستان کی گرم وخشک ریگستانی سمت کی ہوائیں شہر پر بدستور اثر انداز رہیں گی، محکمہ موسمیات

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں آئندہ تین روز کے دوران گرمی کی شدت میں اضافے کی پیش گوئی کر دی گئی۔ محکمہ موسمیات کی ارلی وارننگ سینٹر پیش گوئی کے مطابق شہر میں بدھ کو زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 39 ڈگری تک تجاوز کر سکتا ہے۔ بلوچستان کی گرم وخشک ریگستانی سمت کی ہوائیں شہر پر بدستور اثر انداز رہیں گی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق متوازی سمت کی ہواؤں کے سبب سمندری ہوائیں صبح سے شام کے درمیان بند یا غیر فعال رہ سکتی ہیں جبکہ گرم وخشک موسم کے باوجود نمی کا تناسب کم ریکارڈ ہو رہا ہے۔ کراچی میں موجودہ حدت کے دوران ہیٹ ویو جیسی صورتحال کا امکان نہیں ہے۔ واضح رہے کہ کراچی میں اکتوبر کا مہینہ مئی اور جون کے بعد گرم تصور کیا جاتا ہے۔ اکتوبر کے مہینے میں دن کا درجہ حرارت زیادہ سے زیادہ 37 ڈگری سینٹی گریڈ تک ریکارڈ کیا جاتا ہے۔

شرجیل میمن کے صاحبزادے راول شرجیل میمن کو سندھ میمن اتحاد کا چیئرمین منتخب کر لیا گیا

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر، شرجیل انعام میمن کے صاحبزادے راول شرجیل میمن کو سندھ میمن اتحاد کا چیئرمین منتخب کر لیا گیا ہے۔ راہوکی میں سندھ میمن اتحاد کے اجلاس کے دوران سندھ میمن اتحاد سے متعلق دیگر اہم مسائل پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اس موقع پر راول شرجیل میمن نے کہا کہ تمام مسائل کے حل کے لیے فوری اور موثر اقدامات کیے جائیں گے تاکہ میمن برادری کے اتحاد اور امن وانصاف کے فروغ کو یقینی بنایا جا سکے۔

لاہور نیز میں پروفیسر بشیر احمد کی خدمات پر مبنی کتاب حرام پارٹیشن ٹو پائنیئر کی تقریب رونمائی کے موقع پر شرکا، پروفیسر بشیر کے ہمراہ

محکمہ ایکسائز تاخیر اور بیک لاگ کے باعث نئی نمبر پلیٹس وقت پر فراہم کرنے میں ناکام

50 ہزار سے زائد پلیٹس اب بھی سینٹر پر موجود ہیں، جس سے جگہ کی کمی کا مسئلہ پیدا ہو گیا ہے، سینئر افسر محکمہ ایکسائز

کراچی (این این آئی) جیسے جیسے گاڑیوں کے مالکان کے لیے نئی نمبر پلیٹس حاصل کرنے کی آخری تاریخ قریب آ رہی ہے، وہ شہری جو کئی ماہ پہلے درخواست دے چکے تھے، اپنی ریٹرور بطلیکٹو نمبر پلیٹس حاصل کرنے کے لیے سوک سینٹر کا رخ کر رہے ہیں، لیکن کم از کم 4 ماہ کی تاخیر کے باعث مایوس واپس لوٹ رہے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق کئی افراد نے مہینوں پہلے اپنی پرانی نمبر پلیٹس کو نئی اجرک تھیم والی پلیٹس سے تبدیل کرنے کے لیے درخواست دی تھی، تاہم ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ڈیپارٹمنٹ کے دفاتر سے انہیں یہ کہہ کر واپس بھیج دیا گیا کہ ان کی پلیٹس تاحال موصول نہیں ہوئیں۔ سوک سینٹر اور ایگزیکٹو سینٹر کلفٹن میں دیکھا گیا ہے کہ بڑی تعداد میں جنوری کے بعد درخواست دینے والے لوگ یا تو اپنی نئی نمبر پلیٹس حاصل کرنے کے لیے آئے تھے، یا پھر گاڑی کی ملکیت کی منتقلی کا عمل مکمل کرنے کے لیے آنے والے شہری موجود تھے۔